یہ ستارے یہ کہکشاں یہ فلک رہبر راہ زندگانی ہیں!

OCTOBER 2018
ABC Certified/CPNE Member

GOLDEN YEARS 71 مسلسل اشاعت

آفاقی معلومات کا علمبردار

ماہنامہ روحانی آئینہ قسمت لاہور

وزیراعظم عمران احمد خان نیازی علم نجوم کی روشنی میں

عمران خان کو اقتدار کہاں سے ملا اور کب تک چلے گا؟

کے مقبول پروگرام

https://youtu.be/GfYu-OHfdRg

https://youtu.be/ekKR9gp6sF4

https://youtu.be/vgxAtiBn3Nc
https://youtu.be/1SM7qMzWjN0
https://youtu.be/U4iDTc9bwr8

https://youtu.be/l9eWwPffWiY
https://youtu.be/kDqYINo-
https://youtu.be/w2MMvyCM4Eg

ASTROLOGY FOR ALL

حمد

محسن علوی

یہ جرأت سخن ہے، یہ اظہار حال ہے
لکھوں میں تیری حمد دل میں خیال ہے
رحمن ہے رحیم ہے تو ذوالجلال ہے
تیری ہو کیا مثال کہ تو بے مثل ہے
کہتا ہوں لا الٰہ تو رکھتا ہوں یہ یقین
اک رب کائنات ہے جو لازوال ہے
وہ لفظ دے کہ میں تری مدحت رقم کروں
ہونٹوں پہ یہ دعا ہے یہ دل میں خیال ہے
ذرا ہوں کائنات کا بندہ ہوں رب ترا
میں جو بھی کہہ رہا ہوں یہ تیرا کمال ہے
رافع ہے تو حکیم و لطیف و خبیر ہے
سامع ہے تو بصیر ہے تو ذوالجلال ہے
گھر جاؤں جب نصیب کے سے میں کہیں
تو ہی مرے حواس کو کرتا بحال ہے

نعت

اعظم چشتی

ایسا کوئی محبوب نہ ہو گا نہ کہیں ہے
بیٹھا ہے چٹائی پہ مگر عرش نشیں ہے
ملتا نہیں کیا کیا، دو جہاں کو ترے در سے
اک لفظ ''نہیں'' ہے کہ ترے لب پہ نہیں ہے
تو چاہے تو ہر شب ہو مثالِ شبِ اسریٰ
تیرے لیے دو چار قدم عرش بریں ہے
ہر اک کو میسر کہاں اس در کی غلامی
اس در کا تو دربان بھی جبریلؑ امیں ہے
رکتے ہیں یہاں آ کے قدم اہلِ نظر کے
اس کوچے سے آگے نہ زماں ہے نہ زمیں ہے
اے شاہِ زمن! اب تو زیارت کا شرف دے
بے چین ہیں آنکھیں مری، بے تاب جبیں ہے
دل گریہ کناں اور نظر سوئے مدینہ
اعظم ترا اندازِ طلب کتنا حسیں ہے

محب خدائے رب کبیر، مولا علیؑ مولا علیؑ
معشوق نبیؐ بے نظیر، مولا علیؑ مولا علیؑ
مولود کعبۂ اللہ شریف، وجہِ عزت نجف
شہید کوفہ دستگیر، مولا علیؑ مولا علیؑ
شامل پاک پنج تن، شان چودہ معصومیں
بارہ آئمہ کی اکسیر، مولا علیؑ مولا علیؑ

شاہِ ولائت جاہِ دیں، کل ایماں بالیقیں
علم و حکمت کی تصویر، مولا علیؑ مولا علیؑ
بحقِ قسیمِ نار و جنت، معاف کرنا اے خدا
ہر خطا و ہر تقصیر، مولا علیؑ مولا علیؑ
یدُ اللہ و شیر خدا، غلام ہے یہ آپ کا
تفضّلِ عاجز حقیر، مولا علیؑ مولا علیؑ

آسمانی کونسل پر سعد ستاروں کا قیام حکومت کو اپنے 100 دن کی کارکردگی عوام کو دکھانے کے لئے اعلیٰ مواقع ملیں، وزیراعظم وزراء کے خلاف تخریب کاری کی سازشیں اندرون ملک تخریب کے واقعات اور سرحدوں پر جھڑپوں کا اندیشہ، اسٹیبلشمنٹ اعلیٰ سرکاری عہدہ پر تعینات افراد کی بڑے پیمانے پر تقرریاں تبادلے ہوں

زائچہ نیو مون:۔ طالع منقلب برج میزان نومنتخب وزیراعظم کے ذاتی زائچہ سے ملتا ہوا زائچہ شمار کیا جاسکتا ہے۔ صاحب طالع زہرہ کا طالع میں ہمراہ مشتری کے بہت طاقتور راج یوگ بنا رہا ہے۔ نئی حکومت اپنے اہداف کو حاصل کرنے کے لئے ہمہ وقت روز و شب مصروف رہے گی اس کے وزراء اپنے اپنے محکموں کی کارکردگی دکھانے کے لئے ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی کوشش کریں۔ اس زائچہ کا ناقص ثمرہ صدر وزیراعظم کا حاکم ستارہ قمر چھٹے نحس گھر پارلیمنٹ کا حاکم شمس بارہویں نحس گھر اور عطارد نے یہاں شرف یافتہ رہتے ہوئے ان کی نحوست میں اور اضافہ کر دیا ہے۔ حکمرانوں کو قمر کی نشست کا رہائے حکومت چلانے میں رکاوٹوں دشواریوں کا سامنہ کرنا پڑے عوام الناس میں متعددی امراض کے پھیلنے کا اندیشہ لیبر ٹریڈ یونین اور محنت کش طبقہ میں بے چینی اور بے اطمینانی رہے۔ وزیراعظم وزراء کے خلاف تخریب کاری کی سازشیں اندرون ملک تخریب کے واقعات اور سرحدوں پر جھڑپوں کا اندیشہ۔ شمس کی بارہویں نشست رفاہ عامہ یا ہسپتال جیلوں سے متعلقہ لوگوں میں بے چینی تکالیف گڑ بڑ فساد جیسے حالات رہیں۔ ہسپتالوں جیل خانہ جات اور محکمہ اوقاف میں اعلیٰ شخصیات کے اسکینڈل منظر عام پر آنے سے ان کی بدنامی رسوائی ہو عطارد کا بارہویں شرف یافتہ ہونا اسٹیبلشمنٹ اعلیٰ سرکاری عہدہ پر تعینات افراد کی بڑے پیمانے پر تقرریاں تبادلے ہوں۔ مریخ کیتو کا چوتھے اور راہو کا دسویں ہونا، حکومت اپوزیشن محاذ آرائی بڑھے نیب و حکومت کرپشن زدہ افراد سے لوٹی ہوئی دولت ہر قیمت پر وصولی کے لئے سخت حربے استعمال کریں۔

زائچہ فل مون:۔ زائچہ فل مون بھی منقلب برج میزان خصوصاً وزیراعظم عمران خان کے ذاتی اور زائچہ حلف سے مشابہ زائچہ ہے۔ طالع میں زہرہ مشتری عطارد سعد ستاروں کا قیام حکومت کو اپنے 100 دن کی کارکردگی عوام کو دکھانے کے لئے اعلیٰ مواقع ملیں۔ زہرہ کی سعد پوزیشن ملک و ملت (عوام) کو اچھی خبریں سننے میں ملیں۔ ملکی امن و امان کی بہتر صورت حال کے لئے ہمہ وقت ملکی سروسز اداروں سے ملکر شب و روز مصروف عمل رہیں۔ وزیراعظم اپنے تعمیر وطن 61 ترقی یافتہ نقاط کے مطابق زراعت، باغات، ڈیری فارمنگ، سرکاری اور نجی سلسلے میں پہلے سے جاری شدہ بزنس کاروباری افراد کی حوصلہ افزائی کی جائیگی۔ عطارد کا طالع میں ہونا ملکی برآمدات تجارت کا حجم بڑھے گا۔ عام عوام میں انٹر پرائز کا ذوق و شوق بڑھنے کے ساتھ میڈیا خصوصاً الیکٹرانک میڈیا انٹرنیٹ کا استعمال بڑھے۔ مریخ کیتو کے چوتھے ہونے سے کرپشن سے لوٹی جانے والی دولت کے احتساب کا عمل بڑھے۔ گیارہویں میں پارلیمنٹ کا حاکم شمس بارہویں نحس گھر میں ہونے سے اعلیٰ شخصیات ممبران قومی و صوبائی اسمبلی کے کرپشن کے متعدد کیسز سامنے آئیں۔ پارلیمنٹ میں حکومت کو اپوزیشن کی سخت تنقید کا سامنہ کرنا پڑے۔ زائچہ فل مون میں سعد ستاروں کی ساتویں نظر سے اہم سیاسی شخصیات کے مابین سیاسی ناراضگیاں دور ہوں۔

قمر در عقرب اس نحس وقت کی ابتداء 10 اکتوبر 09 بجکر 09 منٹ، خاتمہ 12 اکتوبر 14 بجکر 53 منٹ تک رہے گی۔ اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ نئے کام کا آغاز کرنا بے برکتی کا باعث بنتا ہے۔

ایک سپاہی نے مشہور پامسٹ کو اپنا ہاتھ دکھایا تو اس نے ہاتھ دیکھنے کے بعد صاحب ہاتھ کے سبھی ابھاروں لائنوں کی تعریف کرتے ہوئے اپنا خوبصورت ماہرانہ تجزیہ دیا۔اور ساتھ ہی آخری یہ بات کہہ کر اپنا سلسلہ کلام ختم کیا کہ کاش خط شمس کے بہترین ابھار پر کوئی بہترین خط شمس یا ترشول بنا ہوتا تو آپ بادشاہ بن سکتے ہیں۔سپاہی نے تجسس اور حیرت سے پامسٹ سے پوچھا بھلا میرے ہاتھ پر وہ لائن پنسل سے ڈرائنگ کر دیں پامسٹ دوست نے سپاہی کے ہاتھ پر شمس کے اُبھار پر لائنز بنا دیں۔اس سپاہی نے فوراً خنجر نکال کر اپنے ہاتھ پر خنجر سے وہ لائن بنا دیں۔اور پھر وہ سپاہی فرانس کا بادشاہ بنا اس کا نام نپولین بونا پاٹ تھا۔ہاتھوں کی لائنز پامسٹری یا علم الفراست تجربات مشاہدات کا علم ہے۔ہر شخص جانتا ہے کہ کسی بھی شخص کی لائنز دوسرے سے نہیں ملتی۔انسان کو اشرف المخلوق بنایا گیا ہے اپنی خود اعتمادی مضبوط قوت ارادی مستقل مزاجی سے دنیا میں بعض شخص اپنا مقدر خود لکھنے کی پوزیشن میں آجاتے ہیں اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ "نگاہ مرد مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں" کچھ ایسا ہی ہمارے وزیر اعظم پاکستان عمران احمد خان نیازی صاحب کے ہاتھ میں بھی عجیب و دلچسپ بات یہ ہے کہ ان کے ہاتھ میں وزیر اعظم بننے کی لائن نہیں ہے۔ان کے ہاتھ میں خط شمس دکھائی نہیں دیتی البتہ خط قلب ابھار مشتری تک چلی گئی ہے۔جو ماں کے بعد خلق خدا اور روحانی تدبیروں دعاؤں سے فتح مندی کامیابی عزت شہرت ایڈمن پاور کی نشان دہی کرتی ہے۔اور پامسٹری کے اصولوں سے زیادہ ان کے ہاتھ میں کامیابی کے ثمرات سماجی تعلیمی کاموں میں حصہ لینے مستقل مزاجی سے کوشش اور خصوصاً روحانی تدبیر کا دخل زیادہ دکھائی دیتا ہے۔نتیجہ ہم یوں نکال سکتے ہیں کہ پاکستان میں 70 سالوں سے کسی نے مدینہ جیسی ریاست کا نعرہ نہیں لگایا۔سرکار دو عالم ﷺ کی نظر کرم قدرت کاملہ کی طرف سے ہمارے وزیر اعظم عمران احمد خان نیازی کو اقتدار روحانی طریقے سے عطا ہوا۔

وزیراعظم عمران خان کے قوم سے پہلے خطاب میں (61) پوائنٹ جسکا مفرد 7 بنا جو روحانیات کا نمبر ہے

(1)۔ صرف دو گاڑیاں اور 2 ملازم رکھوں گا (2)۔ لوٹا ہوا پیسہ واپس پاکستان لائیں گے (3)۔ وزیراعظم ہاوس کو ریسرچ یونیورسٹی بنائیں گے (4)۔ وزیراعظم کے لئے بلٹ پروف گاڑیوں کو نیلام کریں گے (5)۔ ہمارا کوئی گورنر۔ گورنر ہاوس میں نہیں رہے گا (6)۔ نیلام شدہ گاڑیوں کا پیسہ ملکی خزانہ میں جائے گا (7)۔ نیب کو طاقتور بنائیں گے (8)۔ کرپشن کو ملک سے ختم کریں گے (9)۔ یا یہ ملک بچے گا یا یہ کرپٹ لوگوں رہیں گے (10)۔ کرپشن کی نشاندہی کرنے والے کو نوازہ (انعام سے) جائے گا (11)۔ اداروں سے کرپٹ لوگوں کا خاتمہ کروں گا (12)۔ کسی بھی مقدمے کی سماعت ایک سال سے زیادہ نہیں ہوگی (13)۔ پولیس کا نظام ٹھیک کروں گا (14)۔ بیرون ملک قید پاکستانیوں کی مدد کی جائے گی (15)۔ کرپشن ختم کرنے کے لئے [illegible] سے کام لیں گے (16)۔ نیب کو جانبدار بنائیں گے۔ (17)۔ گورنمنٹ اسکولوں کو بہتر بنائیں گے (18)۔ پرائیویٹ اسکولوں کے لوگوں کو گورنمنٹ اسکولوں کی حالت کو ٹھیک کرنے کا کہے گے۔ (19)۔ مدرسہ میں پڑھنے والے بچوں کا مستقبل روشن ہوگا انہیں بھی میرٹ پرلے کر چلیں گے۔ (20)۔ بچوں سے زیادتی کے واقعات کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا (21)۔ اسپتالوں کا نظام بہتر کریں گے۔ (22)۔ پورے پاکستان میں ہیلتھ کارڈ متعارف کروائیں گے۔ (23)۔ سندھ کے اسکولوں کو سندھ گورنمنٹ کے ساتھ مل کر مسائل حل کریں گے (24)۔ سب سے بڑا مسلہ پانی کا ہے اس مسئلہ کو ضرور حل کریں گے (25)۔ ڈیم کو بنائے گے۔ (26)۔ بھاشہ ڈیم کو بنانے کے لئے بیرون ملک پاکستانیوں سے پیسہ مانگے گے۔ (27)۔ کسانوں کے لئے پانی کی فراہمی بہتر بنائیں گے۔ (28)۔ کسانوں کے لئے ریسرچ بہت ضروری ہے کہ پانی کا صحیح استعمال کیسے کیا جائے گا۔ (29)۔ ٹاسک فورس بنائی جائے گی تا کہ بیرون ملک سے پیسہ واپس ملک میں لایا جائے۔ (30)۔ بھاشہ ڈیم ہر قیمت پر بنانا پڑے گا۔ (31)۔ ہم سول سروسز کو مدد فراہم کرے گے مل کر کام کرین گے۔ (32)۔ عام آدمی کو عزت دیں گے۔ جو اس کا حق ہے وہ اسے دلوائیں گے۔ (33)۔ عام آدمی کا کام ٹائم پر دیں گے۔ اور جو اچھا کام کرے گا اس کی تنخواہوں میں اضافہ کریں گے۔ (34)۔ عام آدمی سرکاری دفتر آئے تو اس کو عزت ملے گی۔ (35)۔ سول سروسز مین سزا اور جزا کا کام کریں گے (36)۔ بلدیاتی نظام میں بہتری لائیں گے۔ (37)۔ ناظم کا انتخاب ڈائریکٹ کریں گے۔ (38)۔ بچوں کے لئے پارک بنائیں گے۔ (39)۔ پاکستان میں درخت لگائیں گے۔ (40)۔ شہروں میں درخت لگائیں گے۔ (41)۔ پاکستان کو بڑے پیمانے پر پاکستان کو ہرا کریں گے۔ ہیٹ ویو سے جانیں بچانی ہیں۔ (42)۔ گندگی کو صاف کریں گے۔ حدیث ہے آدھا ایمان صفائی ہے۔ (43)۔ پاکستان انشاءاللہ 5 سال بعد ایسا ہوگا کہ بیرون ممالک کہیں کہ پاکستان بہت صاف اور ستھرا ملک ہے۔ (44)۔ نوجوانوں کو بلاسود قرضے دیں گے (45)۔ پچاس لاکھ سستے گھر بنائیں گے (46)۔ ہر سال چار بڑے سیاحتی مقام کھولیں گے۔ (47)۔ بلوچستان کے ایشوز کو حل کریں گے۔ (48)۔ پنجاب میں لاہور کے علاوہ بھی تمام شہرون علاقوں کے مسائل حل کریں گے۔ (49)۔ کراچی کے لوگوں کے لئے پانی کا مسلہ حل کریں گے (50)۔ نیشنل ایکشن پلان پر بھرپور کام کرین گے۔ (51)۔ ملک سے دہشت گردی کا خاتمہ کریں گے۔ (52)۔ پاکستان کو امن کی ضرورت ہے۔ (53)۔ انشاءاللہ پاکستان کو ایک فلاحی ریاست بنائیں گے۔ (54)۔ اسٹریٹ چلڈرن بیوہ عورتوں معزور افراد کی ذمہ داری ہم نے لینی ہے۔ (55)۔ میں چاہتا ہوں ہم اپنے اندر رحم پیدا کریں۔ (56)۔ کراچی میں ٹرانسپورٹ کا مسلہ حل کرین گے۔ (56)۔ مدینہ کی ریاست بنائیں گے (57)۔ قوم سے سادگی اپنانے کا اعلان (58)۔ ایک ایک پیسہ بچا کر دکھاوں گا آپ کا پیسہ ہے ہماری ذمہ داری ہے میں آپ کے پیسے کی حفاظت کر کے دکھاوں گا (59)۔ پاکستان اللہ کی نعمت ہے۔ (60)۔ سرکار کے پیسہ کی ہم سب نے مل کر حفاظت کرنی ہے۔ (61)۔ ایک دن پاکستان میں آئے گا کہ پاکستان میں کوئی زکات لینے والا نظر نہیں آئے گا۔ یہ میرا ویژن ہے۔

وزیر اعظم عمران خان نیازی ملک کو معاشی بحران سے نکالنے میں کامیاب ہو جائیں گے

مرے موسموں کے بھی طور تھے مرے برگ و بار ہی اور تھے
مگر اب روش ہے الگ الگ مگر اب ہوا کوئی اور ہے

44 میزان 01

18 اگست 2018ء اسلام آباد دن 10 بجکر 24 منٹ

وزیر اعظم عمران احمد خان نیازی

علمِ نجوم کی روشنی میں

عمران خان کو اقتدار کہاں سے ملا اور کب تک چلے گا؟

YouTube

عام لوگ وقت کی اہمیت کا مکمل ادراک نہیں رکھتے بلکہ اس بات کی پروا بھی نہیں کرتے کہ کون سا کام کس وقت کرنا بہتر ہے، جب ذہن میں کوئی کام آ گیا، اٹھ کھڑے ہوئے اور شروع کر دیا، اسی وجہ سے اکثر ناکامیوں اور مایوسی سے واسطہ پڑتا ہے، خاص طور پر اہم کام کی انجام دہی کے لیے کسی مناسب اور سعد وقت کا انتخاب ضرور کرنا چاہیے، شادی بیاہ، کاروبار، جاب، سفر شروع کرنے کے لیے ہمیشہ کسی بہتر وقت کا انتخاب ضروری ہے۔

ہمارے قارئین کو یاد ہوگا کہ 2013ء میں جناب نواز شریف نے جب بہ حیثیت وزیر اعظم حلف لیا تھا تو ہم نے لکھا تھا کہ یہ وقت انتہائی نامناسب اور تباہ کن ہے، کسی وزیر اعظم کا حلف جیسے اہم معاملے کو خراب وقت میں انجام دینا خود اس کے لیے اور قوم و ملک کے لیے بھی نیک شگون نہیں ہوتا، چناں چہ ہم نے دیکھا کہ ان کا پانچ سالہ دورِ اقتدار کیسی کیسی ناگہانی آفات و مشکلات کا شکار رہا، وہ خود بھی اب قید و بند کی تکلیف برداشت کر رہے ہیں۔ اور آج ہی ایام قید میں ان کو اور ہم سب کو یہ بری خبر ملی کہ انکی اہلیہ محترمہ کلثوم نواز صاحبہ کا لندن میں انتقال ہو گیا صد افسوس کے ساتھ ہم انکی بلندی درجات اور پسماندگان کے صبر جمیل کے لئے دعا گو ہیں۔

تحریک انصاف 18 اگست 2018ء کی کامیابی کے بعد عمران خان وزیر اعظم کے لیے منتخب ہوئے اور انھوں نے اسلام آباد کے وقت کے مطابق صبح 10:24 am پر حلف اٹھایا اور حلف نامے پر دستخط کیے، اُس وقت اسلام آباد کے اُفق پر ان کے ذاتی برج میزان کے ایک درجہ 43 دقیقہ طلوع تھے جب کہ قمر بھی برج میزان میں 29 درجہ 57 دقیقہ چاندی منزل وشاکھا میں تیسرے قدم پر تھا، برج میزان ہی میں سیارہ مشتری بھی موجود ہے جو زائچے کے تیسرے گھر کا حاکم ہے، یوگ کارک سیارہ زحل تیسرے گھر میں ہے، ساتویں گھر کا حاکم سیارہ مریخ چوتھے گھر میں شرف یافتہ ہے، اسی گھر میں کیتو اور برج سرطان میں راہو اور بارھویں گھر کا حاکم سیارہ عطارد ہے، شمس زائچے کے گیارھویں گھر میں اپنے گھر کا ہے۔ بد قسمتی سے حلف کے وقت برج میزان کا حاکم سیارہ زہرہ زائچے کے بارھویں گھر میں ہبوط یافتہ ہے، گویا زائچے کا حاکم سیارہ نہایت کمزور پوزیشن رکھتا ہے، یہ کمزوری صاحب زائچہ کو اپنے فرائض کی ادائیگی میں پریشان کرے گی، صحت کے معاملات بھی تسلی بخش نہ رہیں گے، مسلسل خفیہ سازشوں کی زد میں رہیں گے اور ابتدا ہی سے یہ صورت حال نظر آ رہی ہے، عام طور پر نئی حکومت کو سنبھلنے اور قدم جمانے کا موقع دیا جاتا ہے اور جانے والی حکومت پر اس کی ماضی کی کارکردگی کی بنیاد پر تنقید کی جاتی ہے، پاکستان کی تاریخ میں شاید یہ پہلا واقعہ ہے کہ صورت حال اس کے برعکس ہے، نئی حکومت اور خود عمران خان کی ذات کو مستقل ہدف بنایا جا رہا ہے، جب کہ گزشتہ پانچ سال میں ملک کو معاشی طور پر تباہ کرنے والی حکومت پر میڈیا خاموش ہے۔

بعض دیگر حوالوں سے زائچہ بہتر ہے، پہلے گھر میں قمر اور مشتری موجود ہیں

تو مثبت اثر دیتا ہے، ایسے لوگ ترقی کرتے ہیں اور آہستہ آہستہ اپنی پوزیشن کو مضبوط بناتے ہیں، قدیم کلاسیکل تشریحات کے مطابق ایسے لوگ خلق خدا کی بھلائی کے کاموں پر توجہ دیتے ہیں اور سرائے، کنویں یا پل وغیرہ بنواتے ہیں، الغرض یہ یوگ رفاہی اور اصلاحی کاموں میں مددگار ہوتا ہے، صاحب زائچہ ایسے کام کر جاتے ہیں جنھیں یاد رکھا جاتا ہے، فوری طور پر وزیر اعظم عمران خان نے ڈیم بنانے میں جس دلچسپی اور سرگرمی کا اظہار کیا ہے اگر وہ اس میں کامیاب ہوجاتے ہیں تو یقیناً ایک ایسی یادگار اپنے پیچھے چھوڑ جائیں گے جسے آنے والی نسلیں فراموش نہ کرسکیں گی۔ دوسرا یوگ چندر منگل یوگ ہے یعنی قمر سے چوتھے گھر میں شرف یافتہ مریخ براجمان ہے، اس یوگ کا حامل آمدن کے ذرائع ڈھونڈنے اور انھیں بہتر بنانے کی عمدہ صلاحیت رکھتا ہے، چناں چہ توقع کرنا چاہیے کہ صاحب زائچہ بالآخر پاکستان کو معاشی بحران سے نکالنے میں کامیاب ہوگا۔ تیسرا اہم ترین یوگ ''رچاکا یوگ'' ہے یعنی سیارہ مریخ چوتھے گھر میں شرف یافتہ اور نہایت طاقت ور پوزیشن رکھتا ہے، یہ تنہا راج یوگ کے برابر ہے کیوں کہ ایسے لوگ اقتدار حاصل بھی کرتے ہیں اور پھر آسانی سے اسے ہاتھ سے جانے نہیں دیتے، وہ اپنا اقتدار برقرار رکھنے کے لیے جائز ناجائز کی پروا بھی نہیں کرتے، ماضی میں رچاکا یوگ جرمنی کے چانسلر ایڈولف ہٹلر اور پاکستان کے سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کے زائچے میں موجود تھا، رچاکا یوگ کلاسیکل ویدک سسٹم میں ان پانچ یوگوں میں سے ایک ہے جنھیں ''پنچم مہاپرش یوگ'' کہا جاتا ہے یعنی دنیا کے غیر معمولی افراد کے زائچوں میں ان پانچ یوگوں میں سے کوئی ایک یوگ کا ہونا ضروری ہے، یہ پانچ یوگ درج ذیل ہیں۔

ہمسا یوگ: اگر سیارہ مشتری کسی زائچے میں طالع یا قمر سے پہلے، چوتھے، ساتویں یا دسویں گھر میں ہو اور اپنے برج میں یا شرف کے برج میں ہو تو ہمسا یوگ تشکیل پاتا ہے، سیارہ مشتری کا تعلق علم و عقل سے ہے، فہم و فراست سے ہے لہٰذا ایسے لوگ دانش مند خیال کیے جاتے ہیں اور وہ معاشرے میں اپنے علم و دانش سے روشنی پھیلاتے ہیں، سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کے زائچہ ٔ پیدائش میں دوسرا اہم یوگ یہی تھا۔

بھدرا یوگ: سیارہ عطارد اگر طالع یا قمر سے خانہ ہائے اوتاد میں ہو اور اپنے ذاتی گھر یا شرف کے گھر میں ہو تو بھدرا یوگ تشکیل پاتا ہے، ایسے لوگوں کی وجاہت اور جاذبیت قابل دید ہوتی ہے، وہ علم و ہنر کے شوقین ہوتے ہیں اور عموماً زندگی کا بڑا حصہ علم و ہنر کے حصول میں گزارتے ہیں، علمی میدان میں غیر معمولی کارنامے انجام دیتے ہیں۔

ملاویہ یوگ: سیارہ زہرہ طالع پیدائش یا قمر سے خانہ ہائے اوتاد میں ہو اور اپنے ذاتی برج میں یا شرف میں ہو تو ملاویا یوگ تشکیل پاتا ہے، اس یوگ کے حامل افراد کو خوش نصیب تصور کیا جاتا ہے کیوں کہ وہ بہت زیادہ محنت اور کوشش کے بغیر ہی وہ سب کچھ حاصل کرلیتے ہیں جو چاہتے ہیں، یہ یوگ شخصیت میں نکھار اور اٹریکشن بھی لاتا ہے، مقبولیت اور شہرت دیتا ہے، عمران خان کے پیدائشی زائچے میں ملاویا یوگ موجود ہے، بے شک زندگی کے ابتدائی دور میں ملاویا یوگ زندگی میں رنگینیوں اور عیش و عشرت کا باعث بھی بنتا ہے۔

رچاکا یوگ: اگر طالع یا قمر سے سیارہ مریخ پہلے، دوسرے، ساتویں یا دسویں گھر میں ہو اور اپنے ذاتی برج میں ہو یا شرف یافتہ ہو تو رچاکا یوگ جنم لیتا ہے، سیارہ مریخ قوت و توانائی کا نمائندہ ہے لہٰذا صاحب زائچہ اپنی محنت اور جدوجہد سے اقتدار کی سیڑھیاں چڑھتا ہے اور پھر قوت و توانائی کا اظہار بھی کرتا ہے، یہ اظہار اندھی اور دو دھاری تلوار بھی بن سکتا ہے، اگر مذہب کی مضبوط گرفت نہ ہو تو ایسے لوگ اپنی قوت کے اظہار میں جائز و ناجائز کا خیال نہیں رکھتے۔ وزیر اعظم کا حلف لینے کے بعد عمران خان نے ملک کے نمائندہ صحافیوں سے گفتگو کے دوران میں یہ بھی کہا کہ میں سخت احتساب پر یقین رکھتا ہوں، چاہے اس کا نتیجہ کچھ بھی ہو، مجھے حکومت جانے کی بھی پروا نہیں ہے، ہم سمجھتے ہیں کہ یہ سخت اظہار یہ رچاکا یوگ کا اثر ہے، بہر حال اچھی بات یہ ہے کہ وہ اب بہت زیادہ مذہب کی طرف متوجہ رہنے لگے ہیں۔ رچاکا یوگ کے حامل افراد اپنے مقاصد کے حصول کے لیے جبر سے بھی کام لے سکتے ہیں، وہ جو صحیح سمجھتے ہیں اسے ہر قیمت پر اور ہر صورت میں کر گزرتے ہیں، خواہ بعد میں اس کے نتائج کیسے بھی ہوں، زائچہ حلف میں اس یوگ کا پہلا اثر تو یہ ہے کہ عوام کے حالات میں مثبت تبدیلیاں آئیں گی اور وہ بالآخر حالات کی سختی سے نکلنے میں کامیاب ہوسکیں گے، دوم یہ کہ اپوزیشن اپنا سخت اور مخالفانہ کردار ادا کرے گی

اور وزیراعظم کے لیے مشکلات پیدا کرنے کا اور ان کی حکومت پر تنقید و احتجاج کرنے کا کوئی موقع ضائع نہیں کرے گی، یہ بھی ممکن ہے کہ کسی مرحلے پر اپوزیشن ان کے خلاف تحریک عدم اعتماد لے آئے، جیسا کہ ماضی میں محترمہ بے نظیر بھٹو کی پہلی حکومت میں ہوا تھا، اگرچہ وہ تحریک عدم اعتماد کامیاب نہ ہوسکی اور چھانگا مانگا سیاست کا ٹائٹل مشہور ہوگیا۔

ساسا یوگ: اگر طالع یا قمر سے سیارہ زحل خانہ ہائے اوتاد میں آجائے اور اپنے ذاتی گھر یا شرف کے گھر میں ہو تو رچا کا یوگ تشکیل پاتا ہے، اس یوگ کو بھی راج یوگ جیسا جاننا چاہیے کیوں کہ اقتدار کی شدید خواہشات اور کسی بلند مرتبے پر پہنچنے کی جدوجہد ساسا یوگ سے جنم لیتی ہے، اس یوگ کے زیر اثر اقتدار کی خواہش کے ساتھ جنسی خواہشات بھی حد سے تجاوز کرسکتی ہیں اور ایسے لوگ بعد ازاں بہت سے اسکینڈلز اور گمراہی کے معاملات میں ملوث پائے گئے ہیں۔

ممکن ہے کہ کسی مرحلے پر اپوزیشن عمران خان کے خلاف تحریک عدم اعتماد لے آئے

تیسرا اہم اثر راج یوگ کا عمران خان کا سخت اور بے لچک رویہ ہوگا، وہ اپنے اصولوں پر سمجھوتا نہیں کریں گے، وقتاً فوقتاً بھرپور قوت کا اظہار کرتے ہوئے اپنے مخالفین کے لیے ایک دودھاری تلوار ثابت ہوں گے، یہ بھی ممکن ہے کہ وہ اگر یہ دیکھیں کہ وہ اپنے مقاصد کے حصول میں ناکام ہورہے ہیں اور اپوزیشن ان کے راستے میں رکاوٹ ڈال رہی ہے تو وہ وقت سے پہلے ہی اسمبلی توڑ کر نئے انتخابات کی کال دے دیں اور دوبارہ کامیاب ہوکر میدان میں آئیں۔

سوائے سیارہ زہرہ کے باقی تمام سیارگان زائچے میں مناسب پوزیشن رکھتے ہیں، ان کے ضعف و قوت سے قطع نظر وہ سعد گھروں میں قابض ہیں، حلف کے وقت قمر چاند کی منزل وشاکھا میں تھا، اس منزل کا حکمران سیارہ مشتری ہے جو اعلیٰ قائدانہ صلاحیت دیتا ہے، ایسے لوگ تمام مذاہب کو ایک نظر سے دیکھتے ہیں، سچائی پسند، سیاسی رجحان اور انسان دوستی جیسے اوصاف کے حامل ہوتے ہیں لیکن نچھتر کا تیسرا قدم فتنہ و فساد کے مسائل لاتا ہے، وشاکھا نچھتر ملے جلے اثرات رکھتا ہے اور سعد اثر کا حامل ہے جس میں روزمرہ سرگرمیاں انجام دی جاسکتی ہیں، خیال رہے کہ ویدک سسٹم میں مہورت کے وقت کو بڑی اہمیت حاصل ہے اور اس سلسلے میں قمری منزل کو ہرگز نظرانداز نہیں کیا جاتا، یہ نچھتر بھی کسی حد تک جارحانہ مزاجی کا مظاہرہ کرتا ہے اور اقتدار کو سپورٹ کرتا ہے، زائچے میں مشتری کا دور اکبر جاری ہے جب کہ دور اصغر سیارہ قمر کا ہے۔

اس زائچے کے مطابق مئی 2019ء تک مشکلات کا سامنا رہے گا اور خاص طور پر 19 دسمبر 2018ء سے فروری 2019ء تک اور 2 جون 2019ء سے 18 اگست 2019ء تک ایک نہایت سخت وقت کی نشان دہی ہورہی ہے، گویا تحریک انصاف کی حکومت کا پہلا ایک سال آسان نظر نہیں آتا، عمران خان کو اس عرصے میں اپنی سیکورٹی کے سلسلے میں بھی زیادہ محتاط رہنے کی ضرورت ہوگی۔

وزیراعظم عمران خان وقت سے قبل اسمبلی توڑ کر انتخابات کی کال دے سکتے ہیں

امکان ہے کہ یہ وقت موجودہ کابینہ میں بھی ردوبدل کا باعث ہوسکتا ہے، اپوزیشن کا احتجاج بھی شدت اختیار کرے گا اور ملک میں ایسے حالات پیدا ہوسکتے ہیں جو عمران خان کے لیے زیادہ پریشانی کا باعث ہوں، اس وقت ان کی ساکھ اور عزت و وقار کو بھی خطرہ ہوسکتا ہے۔ ایسے وقت کے لیے صدقات اور غریبوں کی بھلائی کے کام زیادہ سے زیادہ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے، مئی سے زائچے میں سیارہ مریخ کا دور اصغر شروع ہوگا تو وزیراعظم ایسی پوزیشن میں آجائیں گے جب وہ سب کرسکیں گے جو کرنا چاہتے ہوں گے اور بالآخر اپنی مدت پوری کرنے میں کامیاب ہوجائیں گے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

عمران خان کے زائچے اور تحریک انصاف کے زائچے پر ہم پہلے تفصیل سے لکھ چکے ہیں، اب مختصراً زائچہ حلف پر بھی کچھ گزارشات پیش کی ہیں، اس موقع پر جناب نصیر ترابی کا ایک شعر بھی قارئین کی نظر ہے ؎

مرے موسموں کے بھی طور تھے، مرے برگ و بار ہی اور تھے
مگر اب روش ہے الگ الگ مگر اب ہوا کوئی اور ہے

ازتحریر: سید منصور علی زنجانی

ایوان صدر پر رجال الغیب مردان خدا کی نگاہ

زائچہ حلف صدر پاکستان

ڈاکٹر عارف الرحمن علوی علم نجوم کی روشنی میں

وطن عزیز پاکستان کے 13 ویں صدر کی پُروقار تقریب بروز 09 ستمبر 2018ء صبح 13 بجکر 21 منٹ اسلام آباد ہوئی۔ یہ ایک مسلم بات ہے کہ صدر بننے کے بعد صدر کا ناطہ کسی سیاسی وابستگی سے بڑھ کر ہونا چاہیے صدر پورے ملک اور سب کا صدر ہوتا ہے۔ اس کی حیثیت ملک میں ایک باپ کی حیثیت شمار کی جاتی ہے۔ علم الاعداد کی روشنی میں 09-09-18 تاریخ میں 9 تین مرتبہ آگیا۔ یہ ستارہ مریخ کا نمبر اور ایک اچھا حسن اتفاق ہے۔ بوقت حلف طالع برج عقرب 26 درجہ 53 دقیقہ طلوع تھا حاکم ستارہ مریخ شرف یافتہ جبکہ تیسرے گھر فطرتی حکمران دسویں گھر میں ستارہ شمس عروج یافتہ (ہمراہ قمر و عطارد) کا ہونا نیک شگون ہے۔ تب ساعت شمس اور دن کا حاکم بھی شمس (Sunday) ہی تھا شمس فطرتی طور سے بادشاہ صدر وزیراعظم سے منسوب

26 عقرب 53

9 / 10	زحل 8.26	8	زہرہ 5 / مشتری 24 — 7 / 6
11	مریخ 5 / 11.12 کیتو	5	قمر 16
12	2	شمس 22 / عطارد 11	4 / راہو 11
1	3		

ایوان صدر پر رجال الغیب مردان خدا کی نگاہ زائچہ کا بارھواں گھر عبادت و ریاضت روحانیات کا مظہر ستارہ مشتری کا یہ فطرتی گھر اور ستارہ زہرہ کو یہاں شرف ہوتا ہے۔ ایوان صدر کوئی مسجد یا عبادت گاہ تو ہے نہیں۔ قران سعدین ستارہ زہرہ اور مشتری کا یہاں ہونا روحانی اشارہ ہے کہ تحریک انصاف کے صدر کو بھی حکومت روحانی طریقے سے ملی۔ اپوزیشن متحد ہوتی تو صدر ڈاکٹر عارف علوی صدر نہ بن سکتے۔ اس زائچہ کی روشنی سے معلوم ہوتا ہے کہ ایوان صدر میں ارواح کی آمد و رفت بڑھ جائیگی۔ صدر پر لازم ہوگا کہ وہ اپنے اقتدار کی سرفرازی کے لئے ہر جمعرات پاکستان میں بے گناہ مرنے والوں اور اپنے گزشتگان کی بلندی درجات کیلئے انکی ارواح کے ایصال ثواب کے لئے اہتمام کروائیں۔ ایوان صدر میں مسلسل تلاوت کلام کا جاری رکھنا۔ ملک و قوم کے لئے انتہائی نیک قدم ہوگا۔ جیسے کبھی گورنر ہاؤس لاہور میں تھا وگرنہ بتربیت شیخ زید بن سلطان النہیان پر ہمہ وقت تلاوت کلام پاک جاری رہتی ہے۔ یہ معمولی سا اقدام پاکستانی قوم میں مثبت سوچ پیدا کر دے گا۔ صدر کی حیثیت باپ کی طرح ہے۔ جب ایوان صدر سے تلاوت پاک کی بابرکت لہریں اٹھیں گی تو پوری قوم اسکی برکت سے فیض یاب ہوگی۔

ستارہ ہے۔ یوں معلوم ہوتا ہے کہ حلف صدر پاکستان کے لئے کسی منجم دوست سے راہنمائی لی گئی ہے۔ زائچہ میں جتنی ممکنہ خوش بختی پیدا ہوسکتی تھی اس منجم دوست یا قدرت نے کردی۔ سیاسی نجوم میں دسواں گھر (وتدالسماء) پیش گوئی کے لئے نہایت اہم تصور کیا جاتا ہے۔ اس گھر کے منسوبات بادشاہ، وزیراعظم اور صدر ہیں۔ جیسا کہ زائچہ میں دسویں کا مالک ستارہ شمس اپنے ہی گھر میں آکر عروج یافتہ ہے۔ صاحب زائچہ حلف صدر ڈاکٹر عارف علوی صاحب کو اندرون اور بیرون ملک عزت پذیرائی ملے گی مگر قمر بھی یہاں کمزور تحت الشعاع ہونے کے سبب بعض سازشی عناصر صدر کی ساکھ کو متاثر کرنے کے لئے اسکینڈل گھڑ سکتے ہیں۔ عطارد کا یہاں غروب ہونا صدر جب بھی مشترکہ پارلیمانی اجلاس سے خطاب کریں۔ انہیں اپوزیشن کی جانب سے مضاہمت پیش آسکتی ہے۔

اس زائچہ کے برعکس وزیراعظم عمران خان صاحب کا زائچہ حلف قدرے کمزور زائچہ ہے۔ برج عقرب ایک ثابت برج ہے اس میں کئے گئے کام عموماً اپنی مدت پوری کرواتے ہیں۔ علم نجوم کی روشنی میں ہم زائچہ حلف کی مختصر سی تشریح کریں گے۔ سیاسی نجوم میں تیسرا گھر پڑوسی ممالک عالمی پریس افواہیں، درآمدات برآمدات، ملکی سیاحت تعلیم وتربیت ملک کے تمام الیکٹرانک پرنٹ میڈیا نشریاتی اداروں اور ان سے متعلقہ افراد ایڈیٹر رپورٹر بھی ورکرز ریلوے پوسٹل لائف ٹرانسپورٹ پڑوسی ممالک سے معاہدات کا تعلق بھی اسی گھر سے مریخ طالع کے علاوہ چھٹے ملکی تمام سروسز اداروں سے بھی زائچہ میں تعلق کو ظاہر کررہا ہے۔ مریخ گو شرف یافتہ اچھا ہے مگر یہ فعلی منحوس چھٹے گھر کا حاکم ہونے سے صدر پاکستان کو ان معاملات پر زیادہ توجہ دینا ہوگی۔ ان کے دور میں اندرون ملک سڑکوں پر ٹریفک حادثات بڑھ جائیں گے کیا ہی اچھا ہو صدر بحیثیت باپ تعلیمی اداروں میں اساتذہ کو پابند کریں کہ وہ بچوں کو ٹریفک قوانین سکھانے کے ساتھ اس پر ٹریفک قوانین کی پابندی کی تلقین کروائیں جیسے امریکہ، کینیڈا اور یورپی ممالک میں ہوتا ہے۔ اس عمل سے حادثات کی روک تھام میں ملکی سطح پر مدد ملے گی۔ اندرون ملک ٹریفک پولیس کے ساتھ ٹریفک رضا کاروں کی مفت خدمات سے فائدہ اٹھائیں جیسے حالت جنگ میں سول ڈیفنس میں قوم کے جوان اپنے آپ کو رضا کارانہ پیش کرتے ہیں۔ ان کے دور میں ریلوے حادثات آتشزدگی کے واقعات میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ چوری چکاری اغواء جرائم اور دہشت گردی کے واقعات بڑھ سکتے ہیں۔ ملکی دفاع کے لئے جاری ضرب غضب کی حوصلہ افزائی کی ضرورت پر زور دیا جائے۔ مریخ کی تیسرے گھر ہمراہ کیتو کے ہونے سے پڑوسی ممالک خصوصاً بھارت کی جانب سے مخالفانہ بیانات کے لئے وزیراعظم سے ملکر مؤثر حکمت عملی بنانے کی ضرورت ہوگی۔ ستارہ مشتری زائچہ میں میڈیا اور ملکی معیشت کا حاکم ہوکر بارہویں نحس گھر اور زہرہ نے یہاں اس کی نحوست میں اور بھی اضافہ کردیا ہے۔ تحریک انصاف کی حکومت جیسے اوّل روز سے ہی اخراجات میں خسارے کو کم کرنے کیلئے جس طرح زور دے رہی ہے اسے اس ضرورت کے تسلسل کو مسلسل قائم رکھنے کی ضرورت پر زور دینا ہوگا۔

راہو نویں کیتو کے تیسرے ہونے سے حکومت اپنے دور حکومت میں آئین میں مؤثر تبدیلیاں لانے جیسے قوانین کیلئے پارلیمنٹ اور سینٹ میں مخالفت کا سامنا بھی رہے۔ تب حکومت کو صدارتی آرڈیننس سے کام چلانا پڑے۔ زائچہ حلف کے وقت مہادشا زہرہ میں انتردشا قمر 9 ستمبر 2018ء تا 25 اپریل 2019ء تک رہیگی۔ زہرہ نحس بارہویں کا حاکم اور قمر عدلیہ خارجہ تعلقات کا حاکم ہر دو کمزور ستاروں کا دور حکومت کو حکومت چلانے کیلئے صدر، وزیراعظم کو مسلسل مشکلات سے بچ نکلنے کے لئے اعلیٰ مشاورت توجہ ماہرین معیشت اور خارجہ (سپر پاور) تعلقات ہمہ وقت دینی پڑے گی۔ قمر کے بعد انتردشا مریخ 25 اپریل 2019ء تا 24 جون 2020ء ہو یہ طالع کے ساتھ چھٹے کا بھی حاکم اس دور میں سرحدوں پر عسکری نقل وحمل میں اضافہ ہمسائیہ ممالک سے محاذ آرائی کا اندیشہ خفیہ قوتیں ایوان صدر کے خلاف سازشیں کرسکتی ہیں۔ مریخ کے بعد انتردشا راہو 24 جون 2020ء تا 25 جون 2023ء تک رہیگا۔ اس دور میں تحریک انصاف کی حکومت کے پانچ سال پورے ہوں حکومت اپنی ساکھ کو بحال رکھنے اور اگلے الیکشن کے لئے بھرپور اپنی کارکردگی کے نتیجہ میں تیاری کرے گی۔ سپر پاور دوست ممالک خصوصاً چین سے سی پیک کی تجارتی سرگرمیوں کے سبب گرم جوشی ملکی تجارت میں اضافہ ہوگا۔

راہو نویں قانون کے گھر براجمان رہنے کے سبب صاف وشفاف الیکشن کروانے کے لئے ممکنہ الیکشن کمشنر آفس میں مثبت انتظامی وآئینی تبدیلیاں کی جائیں گی۔

زہرہ مشتری کا بارہویں قیام تارکین وطن بیرون ملک رہنے والے پاکستانیوں کو ووٹ کاسٹ کرنے کا استحقاق دیا جائے گا۔

نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہِ اکتوبر 2018ء

آسمانی کونسل میں نظراتِ سیارگان کی عملیات و تعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، تثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔

قارئین آئینہ قسمت! چند سال سے آپ نے اس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی ابتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقات بھی عملیات میں شامل کر کے ہم نے عاملین، شائقین عملیات کیلئے آسانی پیدا کر دی ہے۔ اب یہ اُلجھن ختم ہو گئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہو گی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو نیچے درج ہے) سے جو ہر دن طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے، اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی مؤثر ہو جاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری 2018ء میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر بھی بن سکتی ہے، جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے 2 رکعت نماز اجمالاً ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ ﷺ مع سائر انبیاء، مقام اور اولیاء کرام پڑھیں۔ پھر مخصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت بہ اس روز کھڑے ہوں، اُن کی طرف باادب رُخ کر کے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اُس سمت کھڑی کر کے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 24`16`09`01	جنوب مغرب 25`17`10`02	جنوب 26`18`11`03	مغرب 27`19`12`04
شمال مغرب 00`20`13`05	شمال مشرق 28`21`00`06	مشرق 29`22`14`07	شمال 30`23`15`08

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا رِجَالَ الْغَيْبِ وَيَا اَرْوَاحَ الْمُقَدَّسَةِ اَعِيْنُوْنِيْ بِقُوَّةٍ وَّانْظُرُوْنِيْ بِنَظْرَةٍ يَا رُقَبَاءُ يَا نُقَبَاءُ يَا نُجَبَاءُ يَا اَبْدَالُ يَا اَوْتَادُ يَا قُطْبُ يَا غَوْثُ اَعِيْنُوْنِيْ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین و قارئین کے استفادہ کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسول بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں، ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہرحال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے 6 کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ، دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جا کر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہل قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ کوانی کر کے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کیلئے ہے، دوسرے عمل کیلئے علیحدہ صدقہ دیں۔

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے۔

شمار	پہلی								دوسری							تیسری							چوتھی	
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

تاریخ	نظرات	کیفیت	وقت	تاریخ	نظرات	کیفیت	وقت
11 اکتوبر	زہرہ مریخ تربیع	مکمل	07/21	19 اکتوبر	عطارد مریخ تربیع	مکمل	22/26
11 اکتوبر	عطارد زحل تسدیس	ابتداء	21/05	21 اکتوبر	عطارد مریخ تربیع	خاتمہ	00/42
12 اکتوبر	عطارد زحل تسدیس	مکمل	13/20	23 اکتوبر	زہرہ زحل تسدیس	ابتداء	05/42
12 اکتوبر	زہرہ مریخ تربیع	خاتمہ	17/15	24 اکتوبر	زہرہ زحل تسدیس	مکمل	17/49
13 اکتوبر	عطارد زحل تسدیس	خاتمہ	05/43	26 اکتوبر	زہرہ زحل تسدیس	خاتمہ	05/05
15 اکتوبر	عطارد زہرہ قران	ابتداء	12/30	28 اکتوبر	عطارد مشتری قران	ابتداء	17/49
16 اکتوبر	عطارد زہرہ قران	مکمل	01/18	29 اکتوبر	عطارد مشتری قران	مکمل	16/06
16 اکتوبر	عطارد زہرہ قران	خاتمہ	14/04	30 اکتوبر	عطارد مشتری قران	خاتمہ	14/50
18 اکتوبر	عطارد مریخ تربیع	ابتداء	20/42				

تربیع زہرہ مریخ: اس نحس وقت کی ابتداء 9 اکتوبر 17 بجکر 44 منٹ مکمل نظر 11 اکتوبر 7 بجکر 21 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 12 اکتوبر 17 بجکر 15 منٹ پر ہوگا۔ ناجائز مرد و زن کی محبت کے خاتمہ کیلئے سورہ مائدہ کے دو خالی البطن نقش ساعت مریخ میں لکھ کر احاطہ قبور میں دفن کریں۔

۷۸۶		
۷۰۷۱۲	۵۶۵۶۹۸	۲۱۲۱۳۶
۳۵۳۵۶۰	یہاں مقصد لکھیں	۴۹۴۹۸۶
۴۲۴۲۷۴	۲۸۲۸۴۸	۱۴۱۴۲۴

تسدیس عطارد زحل: اس سعد وقت کی ابتداء 11 اکتوبر 21 بجکر 5 منٹ مکمل نظر 12 اکتوبر 13 بجکر 20 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 13 اکتوبر 5 بجکر 43 منٹ پر ہوگا۔ حل المشکلات ہر قسم کیلئے نقش نادِ علیؑ باپرہیز لکھ کر گلے میں پہنیں۔ تمام مشکلات حل ہونگی۔

قران عطارد زہرہ: اس سعد وقت کی ابتداء 15 اکتوبر 12 بجکر 30 منٹ مکمل نظر 16 اکتوبر 1 بجکر 18 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 16 اکتوبر 14 بجکر 4 منٹ پر ہوگا۔ الفت و محبت، حصول علم، موسیقی و آرٹ کیلئے سورۃ یوسف کے نقش سے استعفادہ حاصل کریں۔

۷۸۶		
۴۱۹۹۸	۳۳۵۹۸۸	۱۲۵۹۹۴
۲۰۹۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۹۳۹۹۰
۲۵۱۹۹۲	۱۶۷۹۹۲	۸۳۹۹۶

تربیع عطارد مریخ: اس نحس وقت کی ابتداء 18 اکتوبر 20 بجکر 42 منٹ مکمل نظر 19 اکتوبر 22 بجکر 26 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 21 اکتوبر صفر بجکر 42 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین میں جدائی، بندش یا کاروبار کیلئے ضروری ہو تو سورۃ کوثر کا خالی البطن نقش ساعت مریخ میں لکھ کر احاطہ قبور میں دفن کریں۔

۷۸۶		
۲۲۹	۱۸۳۸	۶۸۷
۱۱۴۵	یہاں مقصد لکھیں	۱۲۰۹

۱۳۸۰	۹۱۶	۴۵۸

تسدیس زہرہ زحل: اس سعد وقت کی ابتداء 23 اکتوبر 5 بجکر 42 منٹ مکمل نظر 24 اکتوبر 17 بجکر 49 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 26 اکتوبر 5 بجکر 5 منٹ پر ہوگا۔ الفت و محبت قائم رکھنے، ناراض زوجین میں صلح صفائی، بہن بھائیوں میں محبت بڑھانے کیلئے سورۃ یوسف کی آیات محبت یا سورۃ یوسف کے خالی البطن کو باپرہیز پاس رکھیں۔

(نقش پہلے دیا جا چکا ہے)

قران عطارد مشتری: اس سعد وقت کی ابتداء 28 اکتوبر 17 بجکر 49 منٹ مکمل نظر 29 اکتوبر 16 بجکر 6 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 30 اکتوبر 14 بجکر 50 منٹ پر ہوگا۔ برائے ترقی علوم و کاروبار، کشادگی رزق کیلئے اسمائے حسنیٰ کا نقش ساعت مشتری میں بنا کر باپرہیز پاس رکھیں۔

چال نقش

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

یااللہ	یاعلیم	یارزاق	یاشکور
یاشکور	یارزاق	یاعلیم	یااللہ
یاعلیم	یااللہ	یاشکور	یارزاق
یارزاق	یاشکور	یااللہ	یاعلیم

از تحریر: مولانا گلفام علی حسینی، لاہور

آمد مصطفیٰ ﷺ کے روز زیارتِ مصطفیٰ ﷺ کا مجرب عمل

درود شریف حضرت محمد ﷺ کا ذکر ہے جو ذکر الٰہی سے جدا نہیں بلکہ **100%** سو فیصدی ذکر الٰہی ہے۔

حضرت محمد ﷺ پر درود پڑھنا اللہ تعالیٰ کا ذکر اور اللہ تعالیٰ کی یاد ہے۔ نہ صرف اتنا بلکہ فعل الٰہی ہے۔ کیونکہ رب العزت خود اپنے محبوب حضور پُرنور پر درود پڑھ رہا ہے۔ جیسا کہ سورۃ احزاب میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

اِنَّ اللّٰہَ وَ مَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ۔

ترجمہ: اللہ اور اسکے فرشتے نبیؐ پر درود بھیجتے ہیں۔ اے مومنو! تم بھی ان پر درود اور سلام بھیجو۔ حضرت محمد ﷺ فرماتے ہیں۔

اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِیْ اَکْثَرُہُمْ عَلَیَّ صَلٰوۃً

ترجمہ: سب سے اچھا انسان میرے نزدیک وہ ہے جو سب سے زیادہ میرے اُوپر درود بھیجتا ہے۔

قارئین آئینہ قسمت! یہ میرا آزمایا ہوا نسخہ ہے کہ اگر مرید کو پیر کامل نہ مل سکے تو درود شریف کی کثرت کرے یہ اللہ تعالیٰ تک جلد از جلد پہنچانے کا ذریعہ ہے۔ درود پاک کے وسیلے سے آپ ہر نیک مقصد میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔

اس مرتبہ میں خاص عمل زیارت محمد مصطفیٰ ﷺ لے کر حاضر خدمت ہوں۔

تیاری: لوحِ زیارت محمد مصطفیٰ ﷺ: لوح مبارک کو آتشی چال سے پر کریں۔ بہترین دن لوح تحریر کرنے کا ولادت باسعادت حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ ہے۔ لوح مبارک کو چاندی پر کندہ کریں یا سفید کاغذ پر بعد از نماز فجر زعفران و مشک سے تحریر کر کے گلے یا بازو پر باندھیں اور نماز رسول خدا ﷺ ادا کریں۔ بعد از نماز رسول خدا ﷺ مندرجہ ذیل درود شریف کو اپنے نام کے اعداد کے برابر یا (313 تین سو تیرہ مرتبہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلِّمْ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَهٗ.

لوح مبارک یہ ہے۔

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِهٖ	۱۳۶۶	۲۸۵	کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِهٖ
۲۸۶	۵۲۸	۱۲۷۲	۱۳۶۵
۵۲۷	۲۸۳	۱۳۶۸	۱۲۷۳
حَسُنَتْ جَمِيْعُ خِصَالِهٖ	۲۷۴	۵۲۶	صَلُّوْا عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

یا اللہ بحق نقش بالا فلاں بن فلاں کو زیارت حضرت محمد ﷺ سے مشرف فرما۔

آتشی چال نقش یہ ہے۔

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

لباس، بستر پاک و صاف رکھیں۔ ہر وقت باوضو رہیں۔ صدقہ و خیرات دیتے رہیں۔ مدت عمل چالیس یوم ہے۔ یقیناً حق تبارک و تعالیٰ خواب میں

بقیہ صفحہ نمبر 16 پر

لوح ردِ سحر و جادو

حضرت علی علیہ السلام کی تعلیم کردہ دُعا

تمام تر تعریف اس اللہ کے لئے ہے جس نے اپنی فرمانروائی وجلال کبریائی کے آثار کو نمایاں کر کے اپنی قدرت کی عجیب وغریب نقش آرائیوں سے آنکھ کی پتلیوں کو محو حیرت کر دیا ہے اور درود وسلام ہو محمدؐ وآل محمد علیہ السلام پر کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں اس وقت رسول وآئمہ بنا کر بھیجا کہ جب ہدایت کے نشان مٹ چکے تھے اور دین کی راہیں اجڑ چکی تھیں۔ آپ نے حق کو آشکارا کیا۔ خلق خدا کو نصیحت کی ہدایت کی جانب رہنمائی فرمائی۔ قارئین آئینہ قسمت جادو کی 2 قسمیں ہوتی ہیں۔ (1) حقیقی جادو (2) غیر حقیقی جادو اور اسے نظر بندی بھی کہتے ہیں۔ یعنی جو بات خارج میں واقع نہیں ہوتی فقط غیر واقعی بات کے دیکھنے والے کی آنکھ کو نظر آتی ہے جیسا کہ فرعون کے جادوگروں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مقابلے میں دونوں قسم کا جادو کیا تھا۔ پہلی مرتبہ غیر حقیقی جادو (نظر بندی) کیا بعد میں وہ جادو دکھایا جس میں اصلیت اور حقیقت تھی۔

(سورۃ اعراف آیت 116)

قارئین کرام! جادوگر کی قوت محدود ہوتی ہے۔ جیسے امام صادق آل محمد علیہ السلام سے کسی نے پوچھا، کیا جادوگر انسان کو کتا یا سور وغیرہ بنا سکتا ہے تو امامؑ نے فرمایا، جادوگر خدا کی مخلوق کو تبدیل کرنے سے عاجز ہے کیونکہ جو یہ کر سکے گا کہ خدا کی بنائی ہوئی چیزوں اور مخلوقات کو بگاڑ دے یا تبدیل کر دے ایسا شخص خدا کی تخلیق میں اس کا شریک ہوگا اور خدا کا کوئی شریک نہیں بن سکتا۔ اگر جادوگر ایسی طاقت رکھتا ہے تو وہ اپنا بڑھاپا اور پریشانی بھی دور کر سکتا ہے۔ اپنے سر کے بال بھی سفید نہ ہونے دے اور اپنی تنگدستی بھی دور کرے۔ سید المرسلینؐ نے فرمایا کہ تین گروہ بہشت میں داخل نہیں ہوں گے۔ (I) شرابی (II) جادوگر (III) قطع رحم کرنے والا۔ تاہم بہت سے فقیہوں نے فرمایا کہ دوسرے کے جادو کو جادو سے توڑنا جائز ہے۔ مثلاً اگر کوئی پیغمبری کا دعویٰ کرتا ہے تو یہ جائز ہے کہ اسے جادو کر کے رسوا کر دو یا اگر کوئی جادوگر کسی شخص پر جادو کرتا ہے یا کسی شخص کو باندھ دیتا ہے تو یہ جائز ہے کہ جادو سے اس کا عمل ختم کر دو اور اس شخص کو کھول دو۔

روایت ہے کہ عیسیٰ بن سقفی جو اپنے زمانہ کا مشہور جادوگر تھا۔ امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں پہنچا اور اس نے آپؑ سے عرض کیا، میں آپ پر قربان جاؤں میں ایک جادوگر ہوں اور میری روزی جادوگری کے معاوضے سے چلتی ہے اسی مال سے میں نے حج کیا ہے اور خدا نے مجھ پر یہ احسان بھی کیا کہ میں آپ کی زیارت کو آ گیا ہوں۔ میں اپنے عمل سے شرمندہ ہوں۔ کیا میرے لئے اس کی تلافی کا کوئی طریقہ ہے؟ آپؑ نے فرمایا، "حل ولا تعقد" امام کے کلام کا ظاہری مطلب یہ ہے کہ اپنے جادو سے دوسرے کا جادو دور کر اور کبھی کسی پر جادو شروع نہ کر۔ قارئین! یہ بات تو طے شدہ ہے کہ جادو کو جادو سے صرف ضرورت کے وقت توڑنا جائز ہے یعنی اگر کوئی اور صورت اس جادو کے زائل کرنے کی ہو سکتی ہے تو وہ واجب ہے اس وقت جادو نہیں کرنا چاہئے۔ مثلاً جادو کے دور کرنے کے لئے شروع میں دعائیں اور تعویذ بتائے گئے ہیں۔ بحار الانوار اور تہذیب الاسلام میں درج ہے کہ ایک شخص حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی خدمت میں آیا اور اس نے جادو کی شکایت کی۔ آپؑ نے فرمایا! کہ ہرن کی کھال پر یہ دعا لکھ لے اور اپنے پاس رکھ۔ وہ جادو تجھے نقصان نہیں پہنچا سکے گا اور اس کا فریب تجھ پر اثر نہیں کرے گا۔ وہ دعا یہ ہے: بسم اللہ و باللہ بسم اللہ و ماشاء اللہ بسم اللہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ قال موسیٰ ما جئتم بہ السحر ان اللہ سیبطلہ ان اللہ لا یصلح عمل المفسدین فوقع الحق وبطل ما نوا یعملون فغلبوا ھنالك و انقلبوا صاغرین۔

اس دعا سے تیار شدہ مجرب المجرب لوح برائے حفاظت سحر وجادو آخر میں ملاحظہ فرمائیں۔

(1) اگر کوئی یہ چاہتا ہو کہ زندگی میں اس پر کوئی بھی جادو ٹونا یا کوئی آسیب مسلط نہ ہو تو اس نقش کو کالے سوتی کپڑے پر کچی پنسل سے لکھے اور اسے چاندی کے پترے میں بند کروا کر اپنے گلے میں لٹکالے اور اگر اس نقش کو کوئی عورت استعمال کرنا چاہے تو اس نقش کو سونے کے پترے میں رکھوا کر اپنے گلے میں باندھے۔

(2) مرض کا جڑ پکڑنا مثلاً جادو اس قسم کا بھی کیا جاتا ہے جس سے مریض کو جو بھی بیماری ہو وہ کم ہونے کی بجائے بڑھتی ہی رہتی ہے اور اسکا کوئی مستقل حل نہیں نکلتا اسکے علاج کیلئے اس نقش کو تین مرتبہ زعفران ومشک تو چندی، جمعرات کو تحریر کریں۔ ایک نقش مریض کے تکیے کے نیچے رکھا جائے۔ دوسرے کو پانی میں گھول کر پلایا جائے اور تیسرے کو مریض اپنے گلے میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ جادو وسحر کا مکمل خاتمہ ہوگا اور مریض کو چندہی ایام میں صحت کاملا ہوگی۔

(3) دفع بندش کاروبار ودکان، اگر کوئی فرد جادو کی قباحت سے محفوظ ہونا چاہے اور اسکی یہی تمنا ہو کہ کوئی بھی اس پر جادو کے ذریعے اسکے کاروبار کو بند نہ کر سکے تو اس نقش کو شرف قمر میں سفید کاغذ پر تحریر کریں اور اسے شیشے کے فریم میں محفوظ کروا کر اپنی دکان کی چوکھٹ کے اوپر لگا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کوئی بھی ساحر اپنے علم یا عمل سے اس دکان کو باندھ نہیں سکے گا۔

بقیہ: آمدِ مصطفیٰ کے روز عمل

حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت پاک سے مشرف فرمائے گا۔

نماز حضرت رسول ﷺ یہ ہے۔

تعداد: 2 رکعت وقت: روز جمعہ

طریقہ: ہر رکعت میں:

سورہ حمد کے بعد	سورۃ اِنَّا اَنزَلنٰہُ	پندرہ بار
رکوع میں	سورۃ اِنَّا اَنزَلنٰہُ	پندرہ بار
رکوع کے بعد کھڑے ہوکر	سورۃ اِنَّا اَنزَلنٰہُ	پندرہ بار
سجدہ میں	سورۃ اِنَّا اَنزَلنٰہُ	پندرہ بار
سجدہ کے بعد بیٹھ کر	سورۃ اِنَّا اَنزَلنٰہُ	پندرہ بار
دوسرے سجدہ میں	سورۃ اِنَّا اَنزَلنٰہُ	پندرہ بار
سجدہ کے بعد بیٹھ کر	سورۃ اِنَّا اَنزَلنٰہُ	پندرہ بار

اسی طرح دوسری رکعت بھی ادا ہوگی اور نماز کے بعد یہ دعا پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ترکیب عمل:۔ یہ پڑھائی قمر در عقرب میں ساعت مریخ میں شروع کرے دشمن کے گھر کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو کر باوضو ہو کر تعداد چار ہزار چار سو چوالیس بار روزانہ بعد میں دشمن کے گھر اور سینہ پر دم کر دیا کریں۔ آخر میں دعا کریں الٰہی فلاں سے نجات عطا فرما عمل سے پہلے دو کلو گوشت دریا میں ڈالیں یا ویران مقام درختوں کی جڑوں میں تھوڑا تھوڑا ڈال دیں گھر آکر کپڑے تبدیل پھر عمل شروع کریں اکیس دن میں دشمن کو اپنی پڑ جائے گی دشمنی بھول جائے گا لیکن جائز جگہ کریں کسی پر ناجائز کریں گے تو کلام کے موکل آپ کو بیمار اور پریشان کر دیں گے۔ ہر سات دن بعد صدقہ دیتے رہیں یہ عمل دین کے دشمنوں کے لئے آب حیات ہے۔

دشمن تباہ و برباد کرنے کیلئے جو باز نہ آتا ہو

عبارت عمل:۔ تَبَّتْ یَدَا اَبِیْ لَھَبٍ وَّ تَبَّ

ترکیب عمل:۔ ذیل کی آیت مبارک سے کام لینے کے لئے تین دن پہلے پرہیز جلالی جمالی شروع کر دیں ہر نماز کے بعد ایک ہزار بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰہ پڑھیں اور ایک تسبیح درود شریف پڑھنا شروع کر دیں پھر زوال کے وقت دشمن کی منہ کر کے ذیل کی پڑھائی تین ہزار ایک سو پچیس بار ورد کریں آخر میں دشمن کا نام لیکر اس سے نجات ہو سینہ پر اور دماغ پر دم کریں اس کے بعد تین بار سورہ اخلاص اور تین بار سورہ فاتحہ اور تین بار درود شریف پڑھ کر جو مسلمان فوت ہو چکے ہیں ان کی روح کو ایصال ثواب کریں پھر اٹھ کرے ہوں اپنا کام کاج کریں ہر تیسرے دن مٹھائی لاکر بچوں میں تقسیم کریں ثواب تمام موکلات اور سرکار دو عالم ﷺ کہہ کر بچوں میں تقسیم کریں یہ طریقہ اکتالیس رات کریں دشمن کچھ نہیں بگاڑ سکے گا اس کا مال جائیداد خطرے میں پڑ جائے گا لیکن وہاں عمل کریں جہاں شریعت اجازت دے۔ جادوگر کاہن کالے علم والے سے نجات پانے کے لئے یہ عمل آب حیات ہے۔

ظالم یا دشمن دین کو محلہ سے نکالنے کے لئے مجرب منتر

عبارت عمل:۔ بارہ ماہ تیراں رانی جنوں بھوتوں کی کھیٹ رجائی اُٹھیا ھر منت سنگ جیسے ٹیٹسن دھرائی فلاں دفع شد

طریقہ عمل:۔ روزانہ رائی آدھ چھٹانک پر عبارت عمل پانچ سو بار زوال کے وقت پڑھیں علیحدہ جگہ قبرستان میں پڑھنا زیادہ بہتر ہے پڑھنے کے بعد کوئیں میں ڈال دیا کریں ویران کنواں ملے تو زیادہ بہتر ہے اگر کنواں نہ ملے تو دشمن کے دروازے پر ڈال دیں اسی وقت جا کر ڈالیں یہ طریقہ اکیس دن کریں عمل سے پہلے اور ساتویں دن سوا کلو گوشت قبرستان کے درختوں کی جڑوں میں ڈال دیا کریں گوشت ڈالنے کے بعد گھر آ کر غسل کریں کپڑے تبدیل کریں اور دو نفل ایصال ثواب مومنین مومنات اور مسلمین مسلمات ادا کر کے ایک تسبیح درود شریف پڑھ کر ہدیہ رسول پاک ﷺ اور آل رسول ﷺ کریں یہ جلالی عمل ہے باپرہیز کریں تا کہ رجعت نہ ہو لیکن جہاں شریعت اجازت دے وہاں یہ عمل کریں ناجائز سے بچیں ورنہ سخت پریشانی اٹھانی پڑے گی اگر قمر در عقرب میں کریں تو زیادہ بہتر ہے یہ آپ کو زنجانی جنتری میں بآسانی مل جائے گی خرید کر دیکھ لیں۔

دو آدمیوں میں جدائی لڑائی فساد ڈالنے کیلئے عمل

عبارت عمل:۔ یا رَفتمَائیلُ یا سَرْ کَہائیلُ یا اَرْحَمَا کِیْلُ یا دَرْدَائیل بِحَقِّ وَ اَلْقَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَ وَاۃَ وَ الْبَغْضَآءَ عَدَاوَتْ اُفْتَدْ درمیان فلاں و فلاں جُدَائی

طریقہ عمل:۔ اس عمل کا عامل ہونے کے لئے پہلے اکیس رات عبارت عمل ایک سو آٹھ بار روزانہ زوال رات 12 بجے پڑھا کریں روزانہ پاؤ گوشت ویران جگہ ہدیہ عمل مؤکلات ڈال دیا کریں اور ساتویں دو ایک کلو مٹھائی لیکر مؤکلات کلام اور آقائے دو عالم ﷺ کو ہدیہ کریں پھر بچوں میں تقسیم کر دیا کریں چلہ کے بعد سات بار کسی نماز کے بعد ورد رکھیں تا کہ عمل قابو میں رہے۔ ضرورت کے وقت زوال کے وقت ایک سو بار پڑھیں پرانی مٹی قبر کی لیکر دم کر کے دشمنوں کے دروازے پر ڈال دیں اور عبارت عمل لکھ کر پرانی قبروں کے درمیان دفن کرا دیں لیکن پڑھائی اکیس رات کرنی ہے اور ایصال ثواب بھی ساتویں دن گوشت بھی ویران جگہ ڈالیں جہاں کوئی عمل ناکام ہو وہاں یہ کریں لیکن جائز جگہ دین دشمن دور کرنے کے لئے یہ عمل ظاہر کیا گیا ہے کسی مسلمان کو تنگ نہ کریں ورنہ مؤکلات زندہ نہیں چھوڑیں گے کسی کالے علم والے نے تنگ کر رکھا ہو تو اسکی تباہی کے علاوہ اس کا عمل بھی ناکارہ اس عمل کے کرنے سے ہو جائے گا لیکن باپرہیز پڑھائی کریں۔

دشمن کا عمل ناکارہ کرنا اور اپنے جسم اور گھر کی حفاظت کا عمل

عبارت عمل:۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم: اللہ میرے دم میں محمد مصطفیٰ ﷺ میرے کم میں اللہ پاک کرم کرے گا اک گھڑی دم میں

طریقہ عمل:۔ اوپر والا عمل صبح شام گیارہ بار پڑھ کر اپنی انگلی پر دم کر کے اپنے چاروں طرف پھیر لیں اور جسم پر پھونک ماریں اور گھر کا تصور کر کے پھونک ماریں عمل روزانہ کریں اگر یہ نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد کریں تو زیادہ بہتر ہے مخالف کوئی بھی عمل کر کے نقصان کی کوشش کرے گا تو اسکی کوشش ناکام رہے گی ہر جمعرات ایصال ثواب اپنی ہمت کے مطابق کرتے رہیں۔

دشمن سے حفاظت چور ڈاکو سے حفاظت جادو کا حملہ روکنے کے لئے مخالف کا زور توڑنا

عبارت عمل:۔ یٰمٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ

طریقہ عمل:۔ یہ آیت مبارک سورہ فاتحہ شریف کی ہے ہر نماز کے بعد اکیس بار پڑھ کر چاروں طرف دم کر کے کھڑے ہو کر دو بارہ اوپر اور نیچے دم کریں پھر ہاتھوں پر پھونک مار کر جسم پر ہاتھ پھیر لیں کسی کی مجال نہیں جن بھوت چڑیل جسم پر ہاتھ لگا سکے۔ عامل حضرات کے لئے یہ آب حیات ہے بغیر چلہ کا عمل جسے ہر ان پڑھ جاہل پڑھ سکتا ہے کیونکہ نماز میں سورہ فاتحہ پڑھی جاتی ہے اس کلام میں یہ آیت ہے۔

اگر کسی شخص کا مطلوب شہر سے باہر جانا چاہے اور طالب کو یہ امر ناگوار ہو نیز جس شخص کی بیوی میکے میں جا رہے اور سسرال میں بہت کم ٹھہرے اس لئے یہ عمل سود مند ہے طریقہ اس کا یہ ہے کہ قمر در عقرب یا قمر تحت الشعاع ہو تو نام مطلوب معہ مادر کے اعداد نکالے اور اسمیں 543 کا اضافہ کر کے ایک خاکی مثلث پر کریں۔ حاشیہ مثلث پر مطلوب کا نام معہ والدہ لکھے اور اپنے گھر کے دروازے کے باہر دفن کریں جہاں سے اس کے جانے کا احتمال ہو بحکم اللہ مطلوب باہر قدم نہ رکھ سکے گا۔

مثال نام طالب معہ والدہ: 237

نام مطلوب معہ والدہ: 850

حروف صوامت: 543

میزان: 1630

تفریق: 24

1606

تقسیم: 3

حاصل قیمت: 535

کو خانہ اول میں رکھے اور ہر خانے میں 2،2 کا اضافہ سے پر کریں نقش مکمل ہو جائے گا۔

نقش کی رفتار یہ ھے خاکی مثلث

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

۷۸۶
جبرائیل

۵۴۱	۵۵۱	۵۳۷
۵۳۹	۵۴۳	۵۴۷
۵۴۹	۵۳۵	۵۴۵

میکائیل
اسرافیل — عزرائیل — کہیعص — حمعسق — شقمقائیل

اللھم سخرلی بحق ۷ ۲۳بحق ۸۵۰ بحق یا بدوح

اس نقش کے عامل کو اللہ تعالیٰ غیب سے روزی دیتا ہے اور کسی کا محتاج نہیں کرتا صدق دل اور کامل اعتقاد سے عمل کیا گیا تو کلام اللہ کی تاثیر دیکھنے میں آئے گی۔ بے روزگاری رزق ملازمت رفع افلاس ادائیگی قرض وغیرہ کے لئے بھی یہ عمل کام دیتا ہے نقش کو 2 سفید کاغذوں پر زعفران سے لکھے ایک دوکان میں رکھے ایک ساتھ رکھے جب یہ نقش ایک دوکان میں رکھے گئے اور دوسرا ساتھ رکھے گئے تو عقل حیران رہ جائے گی رزق ملے گا اسباب رزق جاری ہوں گے تو کشائش ہوگی۔ ساعت مشتری یا عطارد میں زائد النور قمر میں لکھو۔ آخر میں شہزادہ سید منصور علی زنجانی صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں اور جملہ آئینہ قسمت کے سارے سٹاف کے حق میں دعائے خیر کریں مجھ ناچیز سید جاوید عباس شاہ بہل والے کے حق میں دعائے خیر کریں۔

نقش کے نیچے اپنے نام کا موکل بنائے اور یہ آیت لکھے۔

اصل نقش یہ ھے:

۲۵۱	۲۵۶	۲۴۹
۲۵۰	۲۵۲	۲۵۴
۲۵۵	۲۴۸	۲۵۳

نوٹ:۔ ایک نقش دفتر یا دوکان میں رکھے دوسرا اپنے ساتھ رکھے۔

ناجائز تعلقات کو ختم کرنا

جن دو شخصوں کے درمیان ناجائز تعلقات ہوں یا دو شخصوں کا ملاپ تمہیں نقصان پہنچا رہا ہو تو ذیل کا باہمی مفارقت کے لئے مؤثر ہے اس اسرار خفی کرنا جائز جگہ استعمال نہ کریں ورنہ خود عنداللہ ماجور ہوں گے۔ ناجائز یہ ہے کہ کسی مرد کی بیوی اپنے مرد کو چھوڑ کر کسی اور مرد کے پاس جائے اور کسی عورت کا مرد اپنی بیوی کو چھوڑ کر کسی اور جگہ عورت کے پاس جائے تو اس جگہ کرنا چاہئے۔

نقش کی رفتار یہ ہے:

۷	۱۲	۱۱	۱۰
۶	۱۵	۱۶	۹
۵	۴	۱۳	۸
۴	۳	۲	۱

اصل نقش یہ ہے:

والقینا بینهم فلاں بن فلاں جدائی العداوہ البغضاء الی یوم القیمۃ

یاقاهر	انتقامه	لایطاق	وانت الذی
انتقامه	لایطاق	وانت الذی	الشریر
لایطاق	انت الذی	الشریر	ذوابطش
وانت الذی	الشریر	ذوابطش	یاقاهر

کل اذا بلغت التراقی و قیل من راق وظن انه الفراق

اللّٰھم فرق بین فلاں بن فلاں بن فلاں کما فرقت

بین السماء والارض وبین ادم ابلس و بین محمد ﷺ و ابوجهل

اگر کسی کی بیوی بدزبان ہو اور بوجہ بدطینتی مرد کے قابو سے نکل جاتی ہو یا اسی طرح کسی عورت کو مرد کے متعلق شکایت ہو تو یوں کرے کہ نام مطلوب مع والدہ طالب مع والدہ کے اعداد نکال کر ان میں حروف صوامت 543 پھر آیت وَالْاَرْضَ فرشنها فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ط کے اعداد 2050

مثال نام طالب کے اعداد: 237 نام مطلوب کے اعداد: 850 حروف صوامت: 543 آیت کے اعداد: 2050 میزان: 3680 تفریق: 30 بقایا: 3650 تقسیم: 4 حاصل تقسیم: 912 کو خانہ اول رکھے ایک کے اضافہ سے نقش پُر کرے اگر کسر 1 ہو تو خانہ 13 ایک اضافہ کسر 2 ہو تو خانہ 9 ایک اضافہ کسر 3 ہو تو خانہ 5 ایک اضافہ

نقش کی رفتار یہ ہے:

۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱
۴	۱۵	۱۰	۵

۷۸۶

جبرائیل

۹۲۱	۹۱۷	۹۱۴	۹۲۸
۹۱۸	۹۲۴	۹۲۵	۹۱۳
۹۲۶	۹۱۲	۹۱۹	۹۲۳
۹۱۵	۹۲۷	۹۲۲	۹۱۶

میکائیل

عزرائیل — اسرافیل — حمعسق — کھیعص

اللّٰھم سخر لی ۲۳۷ حب قلب ۸۵۰ بحق یا بدوح

ایک نقش میوہ دار درخت پر باندھے اور ایک نقش طالب بازو پر باندھے۔

یہ عمل حضرت علی علیہ السلام سے منقول ہے اور نہایت مجرب ہے اور ہر روز قبل طلوع آفتاب یعنی نماز فجر سے پہلے یا بعد اگر کسی دن فجر سے قبل نہ ہو سکے تو بعد نماز فجر قبل طلوع پڑھیں 11 بار پڑھتے وقت کسی دشمن یا کسی کا نام لینے کی ضرورت نہیں صرف تصور کافی ہے ورد کر لیا کریں پھر کسی عمل کی عامل کو ضرورت نہ ہوگی۔ دشمن ذلیل و خوار ہو کر مطیع و فرمانبردار ہو کر قدموں میں آگرے گا۔ انشاء اللہ آخر میں شہزادہ سید معصور علی زنجانی صاحب کے حق میں دُعائے خیر کریں اور جملہ آئینہ قسمت کے سٹاف کے حق میں دُعائے خیر کریں اور مجھ ناچیز کے حق میں دُعائے خیر کریں۔

عمل یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ سَخِّرْلِیْ اَعْدَائِیْ کَمَا سَخَّرْتَ الرِّیْحَ لِسُلَیْمَانَ ابْنِ دَاوٗدَ عَلَیْھِمَا السَّلَامُ وَ لَیِّنْھُمْ کَمَا لَیَّنْتَ الْحَدِیْدَ لِدَاوٗدَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَ ذَلِّلْھُمْ کَمَا ذَلَّلْتَ فِرْعَوْنَ لِمُوْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ وَ قَھِّرْھُمْ کَمَا قَھَرْتَ اَبَا جَھْلٍ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ صُمٌّ بُکْمٌ فَھُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ صُمٌّ بُکْمٌ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَ ھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

سفلی عمل برائے حب:

عروج ماہ میں یعنی چاندنی کی پہلی اتوار سے تیرہ دن تک طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ تک اس سفلی عمل کو کرنا ہوگا۔ مہینہ کوئی بھی ہو، کسی خوشبودار درخت کے نیچے کھڑے ہو کر عمل کرنا ہوگا۔ درخت خواہ چھوٹا ہو یا بڑا ہو۔ اگر درخت بڑا ہے تو اس کے نیچے کھڑے ہو جاؤ اگر چھوٹا ہے تو اس کے پاس کھڑے ہو جاؤ۔ اس درخت کی ایک شاخ توڑ لو اور 21 مرتبہ یہ عمل پڑھ کر اس شاخ پر پھونک دو اور پھر اس شاخ کو اسی جگہ دھاگے سے باندھ دو۔ جس جگہ سے توڑا تھا اور تھوڑا سا دودھ جس میں شکر ملی ہوا س جگہ پر ڈال دو۔ شکر سے میٹھا کیا گیا دودھ پہلے سے تیار کر کے اپنے پاس رکھ لیں۔ اتوار کے دن کا عمل ختم ہوا۔ اس طرح پیر، منگل، بدھ، جمعرات، جمعہ، ہفتہ روزانہ یہ عمل اس وقت پر کرنا ہوگا۔ اسی درخت کے پاس اب اس بندھی ہوئی شاخ کو توڑنے کی ضرورت نہیں ہے۔ باقی دنوں میں صرف اس قدر عمل کرنا ہے کہ اکیس مرتبہ یہ عمل پڑھ کر دودھ پر پھونک کر یا بندھی ہوئی شاخ پر پھونک کر میٹھا دودھ تھوڑا سا اس شاخ پر ڈال دیا کریں۔ تیرہ دن بعد یا تیرہ دن کے اندر اندر خدا کے حکم سے روٹھا ہوا شخص راضی ہو جائے گا اور محبت کرنے لگے گا۔ پڑھنے کا عمل ذیل ہے۔

ٹوٹی بائیں گلے کو آئیں
بیری دوست بن جائے
بندر ابن کی پون پائے

فلاں بن فلاں (نام مطلوب معہ والدہ) کا دل اڑاتے بحق یا بدوح یا بدوح۔

(نوٹ) اگر مطلوب کی ماں کا نام نہ معلوم ہو تو صرف مطلوب کا نام کافی ہے۔ اگر کوئی امیر ناراض ہو تو نام بمعہ عہدہ ضرور لیں۔ اجازت عمل ہے۔

کوئی بات معلوم کرنی ہو تو شاہ زنجانی سے رابطہ کریں۔

عمل الحب:

نوچندی منگل کو اپنے بیسوں ناخن تراشیں اور ہر ایک منگل کو سوختہ کرے اور لوبان اور گل کی دھونی دے بلکہ 5 مرتبہ دھونی دے۔ پھر اس راکھ کو قدر مطلوب کو کھلا دے۔ بلکہ بعد تیاری راکھ ناخن ہائے پاؤ بھر شیرینی بچوں میں تقسیم کرے۔ انشاء اللہ محبت بے حد ہوگی، تجربہ شدہ ہے۔

طلسم الحب:

چکو جورات کو چمکتا ہے۔ اسے پنجشنبہ کی شب کو حاصل کر کے لا کر روغن زیتون میں ڈال دیں اور 21 روز تک دھوپ میں رکھیں۔ 21 روز بعد جس جگہ جانا ہو اور کام نکالنا ہو یا کسی بڑے افسر سے کام نکالنا منظور ہو۔ اس روغن کو پیشانی پر لگا کر حاکم افسر کے روبرو پیش ہوا۔ انشاء اللہ مطلوب سے مطلب حاصل ہوگا۔ تجربہ شدہ ہے۔

عمل الحب:

تقریباً ایک یا دو تولہ چاول لے لیں۔ رات کو سوتے وقت ان چاولوں کو منہ کے اندر کلہ کر کے دائیں جانب رکھیں۔ تمام شب میں لعاب دہن سے تر ہو جائیں گے۔ صبح ان چاولوں کو منہ سے باہر نکال دیں اور خشک کر لیں اور 500 دفعہ روزانہ ان چاولوں پر سورہ قل ھو اللہ احد پڑھے۔ یہ عمل دو ہفتہ کریں۔ اصل میں 21 یوم تک کرنا چاہیے۔ پھر ان چاولوں میں سے ایک چاول پیس کر کسی چیز میں ملا کر مطلوب کو کھلائے، انشاء اللہ فرمانبردار ہو کر مطیع ہوگا۔

نقش الحب:

بروز نوچندی اتوار اور رجال الغیب کو معلوم کرنے کے لیے زنجانی جنتری 2010ء سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ تنہا برہنہ ہو کر غسل کریں اور منہ محبوب کے

گھر کی طرف کر کے اور مندرجہ ذیل نقش ایک پاک کاغذ پر انار شیریں کی قلم سے زعفران سے سیاہی سے تحریر کریں۔ پھر ایک بڑا لیموں کاٹ کر کے دو ٹکڑے کرے۔ اس کے درمیان نقش رکھ کر دونوں حصوں کو 21 سوئیوں کی مدد سے جوڑ دیں۔ پہلے ایک سوئی کے درمیان نقش رکھ کر دونوں حصوں کو جوڑ دیں۔ باقی سوئیاں اِدھر اُدھر لگا کر لیموں کے دونوں حصوں کو جوڑ دیں۔ لیموں کو محفوظ مقام پر رکھ دیں۔ انشاء اللہ ایک ہفتہ میں کام ہوگا۔ مطلوب حاضر ہو کر مطیع ہوگا۔

نوٹ: نقش میں پہلے مطلوب کا نام معہ والدہ لکھیں۔ پھر اپنا نام معہ والدہ لکھیں۔ نقش ذیل ہے۔

لڑکیوں کی بخت کشائی کے لیے:

جس لڑکی کا نکاح نہ ہوتا ہو تو ذیل کے اسماء طلسمات کو زعفران سے سفید کاغذ پر کسی سعد وقت میں لکھ کر کسی مٹی کے کوزے میں ڈال کر پانی سے بھر دیں۔ تین ہفتہ تک لڑکی اس کوزے سے پانی پیتی رہے۔ خدا نے چاہا تو بخت کشائی ہوگی۔ اسمائے طلسمات ذیل ہیں۔

"سولما لج ملحی هملو خیم"

طلسم زبان بندی:

میں ایک عجیب تحفہ پیش کر رہا ہوں۔ اس سے پہلے بھی کئی زبان بندی کے عملیات تحریر کیے جا چکے ہیں اور آپ نے پڑھے بھی ہوں گے۔ مگر یہ طلسم ان سب سے زیادہ حیرت انگیز اثر رکھتا ہے۔ جب بھی قمر در عقرب ہو تو تقریباً ہر ماہ میں قمر در عقرب ہوتا ہے۔ آپ زنجانی جنتری 2018ء سے استفادہ کر سکتے ہیں۔

نیچے تحریر شدہ طلسم آپ 101 مرتبہ کالی سیاہی سے لکھ لیں۔ (یعنی 101 تعویذ لکھ لیں) پھر ان کو پرانی قبر میں دفن کر دیں۔ ہر قمر در عقرب میں ایسا کرنا ہوگا یعنی اس کا چلہ ہے۔ ایک ماہ تک عمل قابو میں رہتا ہے۔ ایک سال کے چلہ کے بعد آپ حیرت انگیز کمالات دیکھیں گے جو کہ نہایت پر تاثیر ہوں گے۔ وہ لوگ جن کی قوت ارادی اچھی ہو انہیں جلد کامیابی حاصل ہو جاتی ہے۔ جو لوگ سال بھر چلہ کرتے ہیں اور عمل بھی ساتھ چلاتے رہتے ہیں۔ ان کو بہت بڑی طاقت حاصل ہو جاتی ہے۔ اس طلسم کو لکھ کر اپنے پاس رکھا جائے تو تمام دشمنوں اور بدگوئیوں کی زبان بند ہو جائے گی۔ اگر اس طلسم کو لکھ کر درخت پر باندھ دیا جائے تو درخت پھل نہ دے گا اگر مرغی کے پاؤں میں باندھ دیا جائے تو وہ انڈا نہ دے گی۔ جس عورت کے گلے میں ڈال دو گے اس کو کبھی حمل نہ ہو گا۔ اس کا اثر عقیل پر مرسوں جانے والا ہے۔ یہ آپ پر منحصر ہے کہ آپ اپنے ادراک کے مطابق استعمال کریں اور جائز کاموں میں اس سے مستفید ہوں۔ ناحق کریں گے تو خود رجعت کا شکار ہوں گے۔ (تجربہ شدہ ہے)

طلسم یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرّحیم. عمهھو سـ ـه اربع باشد صما همه مسلع صلع احمی سعهل لاشهد اللّٰه انه لا اِلٰه الا اللّٰه و الملائکته و الو العلم قائما. با القسط لا اله الا هو العزیز الحکیم.

عزت ودولت کے حصول واستحکامت کا عمل

ذیل میں ایک مجرب عمل ارسال کر رہا ہوں۔ دراصل یہ شرف شمس کے متعلقہ ہے۔ مگر اسے دیگر سیارگان کے شرفات واہم نظرات کے دوران بھی تیار کیا جاسکتا ہے۔ سب سے پہلے سائل معہ والدہ کے اعداد قمری حاصل کریں۔ پھر آیت مبارکہ "والشمس تجری.........العزیز العلیم" پھر سورہ شمس اور آخر میں "یا اللہ.........جلالہ" کے اعداد لے کر مربع پر کریں۔ دورانِ تیاری متعلقہ ستارے کا بخور روشن کریں اور کاہی کے قلم سے زعفران اور عرق گلاب کے ساتھ سفید باریک کاغذ پر تحریر کریں۔ عمل کی مختصر ترکیب کے بعد اسے مثال کے ذریعہ بیان کر دیتا ہوں تاکہ آسانی رہے۔

نام سائل: ذہین نقوی معہ والدہ ۱۳۳۳

آیت مبارکہ: والشمس تجری لمستقر لھا

ذالک تقدیر العزیز العلیم" سورة یٰسین) ۳۶۸۶

اعداد سورۃ الشمس ۱۹۴۹۹

یا الہ الالھۃ الرفیع جلالہ ۹۷۴

میزان ۲۵۴۹۸

نقش کی چال یہ ہے۔

١	٦	١١	١٦
١٢	١٥	٢	٥
١٤	٩	٨	٣
٧	٤	١٣	١٠

٧٨٦

١٣٣٣	٣٦٩٦	١٩٤٩٩	٩٧٤
١٩٤٣٠	٩٧٣	١٣٣٤	٣٦٨٥
٩٧٢	١٩٤٩٧	٣٦٨٨	١٣٣٥
٣٦٨٧	١٣٣٦	٩٧١	١٩٤٩٨

کہیعص — حمعسق

ذہین نقوی بنت.....کو عزت شہرت ودولت نصیب ہو

بحق یا غنی یا معز یا قیوم

اب سائل کے نام معہ والدہ کے اعداد سے اسمائے حسنیٰ تلاش کریں۔ چاہے ایک ملے یا دو تین جیسے سائل کے اعداد ۱۳۳۳ بنتے ہیں۔

یاغنی	یامعز	یاقیوم	میزان
۱۰۶۰	۱۱۷	۱۵۶	۱۳۳۳

قارئین محترم! اسمائے حسنیٰ ہمیشہ مقصد کے مطابق تلاش کریں اور سائل کو اکتالیس یوم تک گیارہ بار سورۃ شمس ایک ایک تسبیح دوسری آیات اور ۱۳۳۳ اسمائے حسنیٰ کے پڑھنے کی ہدایت کریں۔ انشاء اللہ اکتالیس یوم کے اندر سائل مراد کو پہنچ گا۔ سائل کو چاہیے کہ نقش ہمیشہ پاس رکھے اور ہمیشہ اسمائے حسنیٰ کا ورد کرتا رہے۔ انشاء اللہ توقع سے زیادہ عزت، شہرت اور دولت نصیب ہوگی اور ہمیشہ استقامت رہے گی۔

روحانی عملیات آزمودہ

ضیاء القادری قریشی پرانا سکھر

نقش درد شفاء آیات شفاء

مندرجہ ذیل نقش شمع شبستان رضا حصہ دوم میں درج ہے کہ لاعلاج امراض یا ایسا مرض جس میں دوا اثر نہ ہو رہی ہو یا اصلاح تحریر کرکے پلائیں اگر مرض شدید ہو تو چینی کی پلیٹ پر نہار منہ تحریر کرکے پلانے سے خاطر خواہ افاقہ ہوگا حکماء اور ڈاکٹروں کے لئے ان آیات کا ورد نہایت ضروری ہے نقش کے نیچے آیات شفاء اور سات سلام بھی تحریر کریں دق وسل کے لئے نہایت مفید ہے میرا بارہا کا آزمودہ ہے۔

۶۵۴	۶۶۷	۶۶۴	۶۶۱
۶۶۵	۶۶۰	۶۵۵	۶۶۶
۶۵۹	۶۶۲	۶۶۹	۶۵۶
۶۶۸	۶۵۷	۶۵۸	۶۶۳

یاشافي یاکافي یا سلام بحق و یشف صدور قوم مومنین . وشفاء لما في الصدور یخرج من بطونها شراب مختلف الوانه فیه شفاء للناس وتنزل من القرآن ماهو شفاء و رحمة للمومنین . واذا مرضت فهو یشفین . قل هو اللذین آمنوا هدی وشفاء

ش	ا	ف	ی
۸۱	۹	۳۰۱	شفا
۸	۷۸	۳	۳۰۲
۲	۳۰۳	۷	۷۹

بحق الیس الله بکاف عبده ط و بحق سلام علیٰ عباده الذین اصطفیٰ ط سلام قولا من رب رحیم سلام علیٰ نوح في العلمین سلام علیٰ ابراهیم سلام علیٰ موسیٰ و هارون سلام علی ال یٰسین سلام علی علی المرسلینَ الله رب محمد صلی الله وسلم

برائے ضد اطفال

یہ نقش لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ بچہ رونے سے باز رہے گا۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
ط	ط	ط	ط	ط	ط	ط
طی	طی	طی	طی	طی	طی	طی

مغلوبی دشمنان کے لئے

اگر کبھی دشمن سے ہمکلام ہونے کا موقع ہو اور اس سے نقصان پہنچنے کا ڈر ہو تو ان اسماء کا ورد کرتا رہے انشاء اللہ دشمن مغلوب ہوگا۔ "یا سبوح ، یا قدوس ، یا غفور ، یا ودود " یہ چاروں کلمات مجرب المجرب ہیں۔

برائے اطاعت والدین وآقا

اگر کسی کا لڑکا یا ملازم شریر ہو یا بھاگ جاتا ہو تو نافرمان کو مطیع کرنے کے لئے مندرجہ ذیل کی آیت کریمہ کو **313** مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائیں یا کھلائیں یا اگر ممکن ہو تو بطور تعویذ گلے میں ڈالیں۔ آیت یہ ہیں " واذا خذ نا من النبیین میثاقهم و منک و من نوح و ابراهیم و موسیٰ و عیسیٰ ابن مریم و اخذنا منهم میثاقاً غلیظاً یسل الصدقین عن صدقهم و اعد لکفرین عذابا الیماً. پڑھنے کے لئے اول وآخر **11** مرتبہ درود شریف اور لکھنے پڑھنے دونوں میں ایک مرتبہ بسم اللہ ضرور ہو دیگر آیات کی درستگی کے لئے قریبی عالم یا حافظ سے رجوع ضرور کیا جائے تاکہ غلطی کا احتمال باقی نہ رہے۔

دیگر نافرمان اولاد کے لئے

21 روز تک نماز عشاء پابندی وقت کے ساتھ **505** مرتبہ ذیل کی آیت پڑھے۔ ربنا هب لنا من ازواجنا و ذریتنا قرة اعین و جعلن للمتقین اماماً.

برائے دفع بلغم

جس شخص کو بلغمی مرض ہو **7** کنکریاں لاہوری نمک کی لے ہر کنکری پر **7** مرتبہ آیت الکرسی پڑھے اور روز ایک کنکری نہار منہ کھائے انشاء اللہ کلی شفاء ہوگی۔

برائے حاجت روائی

جس شخص کو کوئی سخت حاجت درپیش ہو تو وہ حالت سجدہ میں **40** مرتبہ اس دعا کو پڑھے اور اپنی انگلی سے اشارہ کرتا جائے اور اپنے مقصد کے لئے دعا کرے لا اله الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین .

دیگر عمل برائے حاجت

اس عمل کو بوقت ضرورت **300** مرتبہ ذیل کے طریقہ سے پڑھے۔ یاحیی یاحلیم یاعزیز کریم اب اپنی ضرورت کا خیال کرتے ہوئے کہے فلاں حاجت کو آسان کر بحق ایاک نعبد و ایاک نستعین کم از کم **40** یوم کیا جائے مکمل پابندی وقت کے ساتھ اگر مقصد پورا ہو جائے تو ٹھیک ورنہ **40** یوم پورے کئے جائیں۔

برائے درد گلو

جس کو درد گلو ہو یا ورم ہو تو اس جگہ پر یہ نقش لکھ باندھیں کلی صحت ہوگی۔ یہ نقش دیگر دردوں کے کام بھی آتا ہے۔

وطل	موطیل
موطیل	وطل

برائے دفع پھوڑے اور دنبل

اس دعا کو **7** مرتبہ پڑھ کر پنڈول مٹی پر دم کرلیں اور اس مٹی کو باریک پیس کر ہتھیلی پر رکھ کر انگلی پر لعاب دہن لگا کر مٹی کو دنبل پر لگا دیں ایسا کئی روز کریں انشاء اللہ شفاء ہوگی دعا ذیل ہے۔

بسم الله تربة ارضنا بریقة بعضنا یشفیٰ سقیمنا باذن ربنا.

روحانی فوائد لوح محفوظ ان کو پڑھنے سے یا پاس رکھنے سے حفاظت از شر شیطان، سر دشمنان، شر حسد دین، شر بد حاد ہان، شر اشرار، زبان بندی بد گویان، حفظ آبرو، حفاظت آفات، حفاظت بلیات، حفاظت نظر بد، وسعت رزق، رفع پریشانی، رفع بندش، کور چشم دشمن، دوستی، اخوت، محبت، عزت، احترام، شہرت اور نظر خلائق، باطل السحر، تیر بند، تیغ بند، حفاظت ساحران، رفع خرابی کار ہا، کشائش کار ہا، حفاظت ناگہانی موت، حفاظت حادثات، خاندان میں اتفاق اتحاد، محبت زن و شوہر، بیماریوں سے حفاظت، شفائے امراض، حفاظت جانکنی سختی، رفع عداوت، تسخیر ظالم، ہول اور وحشت کی دوری، حفاظت موذی جانور، حفاظت درندہ، موت کے وقت چہرہ نورانی، برے خیالات سے حفاظت۔ آپ اس زمانہ میں تنگی اور مشکلات کی زندگی بسر کر رہے ہیں خواہ کوئی وجہ ہو قرض نے نیند حرام کر دی ہو باوجود محنت اور کوشش کے روزگار نہ ملتا ہو پیسے میں برکت نہ ہو، ترقی نہ ہوتی ہو، ملازمت نہ ملتی ہو یا اور کسی بھی وجہ سے زندگی اجیرن ہو چکی ہو کاروبار دن بدن نقصان میں ہو۔ کسی دشمن کا خفیہ ہاتھ کام کر رہا ہو تو **لوح محفوظ** تحفتاً شہزادہ حافظ سید محسن علی شاہ زنجانی سے لیکر اپنے پاس رکھیں یا فریم کروا کر گھر میں لٹکائیں فوائد بے بہا مشاہدہ ہونگے۔ یہ دعویٰ نہیں حقیقت ہے کہ جس شخص کے پاس یہ لوح محفوظ ہوگی اس شخص کے سب کام قدرت الٰہی سے درست ہوتے جائینگے۔ دوسرا یہ کہ اس شخص پر آفت، مصیبت، اذیت اور ناگہانی موت نہ آسکے گی۔ آگ تیر تلوار اور گولی بھی اس شخص پر اثر انداز نہ ہو سکے گی۔ گویا کہ یہ ایک قسم کی بلٹ پروف جیکٹ ہی ہوگی مقصد یہ ہے کہ جب آپکے پاس لوح محفوظ ہوگی آپ کا اپنا تحفظ خود بخود ہوگا مختصر یہ کہ نہایت ہی مجرب اور کامیاب لوح ہے آپ استعمال کر کے دیکھیں فوائد بے شمار ظاہر ہونگے۔ انشاء اللہ

یہ لوح محفوظ مجموعہ احراز 150 مختلف دعاؤں قرآنی آیات اور ایک ہزار اسمائے حسنیٰ پر مشتمل ہے۔ ان کی تفصیل یہ ہے۔

(1) حرز جواد علیہ السلام (2) حرز یمانی (3) حرز ابو دجانہ (4) دعائے معراج (5) دعائے الامان (6) دعائے نادعلی کبیر (7) دعائے نور کبیر (8) دعائے جوشن کبیر (9) ایک ہزار اسمائے حسنیٰ (10) آیت الکرسی (11) چارقل (12) حرز یامن تحمل (13) حروف مقطعات (14) حرز خدیجۃ الکبریٰ (2 عدد) (15) 4 عدد حرز النبیؐ (16) حرز فاطمۃ الزہرا (17) حرز علی علیہ السلام (دو عدد) (18) حرز حسن و حسین علیہ السلام (19) حرز حسن علیہ السلام (20) حرز حسین علیہ السلام (21) حرز زین العابدین علیہ السلام (تین عدد) (22) حرز باقر علیہ السلام (دو عدد) (23) حرز صادق علیہا السلام (دو عدد) (24) حرز موسیٰ کاظم علیہ السلام (چھ عدد) (25) حرز امام رضا علیہ السلام (تین عدد) (26) حرز محمد تقی علیہ السلام (27) حرز علی نقی علیہ السلام (28) حرز حسن عسکری علیہ السلام (دو عدد) (29) حرز ولی عصر علیہ السلام (دو عدد) ان کی بزرگ علمائے متقدمین نے انبیاءؑ و آئمہ اطہارؑ سے نسبت بیان فرمائی ہیں۔

از تحریر: ڈاکٹر فیض الرسول، منڈی فاروق آباد

تسخیرات ہمزاد

آج زیادہ تر عوام پریشانیوں کی وجہ سے ہر جائز و ناجائز حیلہ استعمال کرتی ہے۔ بہت سے احباب دن رات مخفی مخلوقات کو اپنے طابع کرنے کے لئے محو عمل اور بے چین رہتے ہیں لیکن ہر چیز محنت سے ملتی ہے ہمزاد کا نام آپ کیلئے کوئی اجنبی نہیں ہے اکثر افسانوی طرز کے ناولوں میں بھی اس کا استعمال ہونے لگا ہے۔ عاملین کاملین نے اس کو تابع اور تسخیر کرنے کے لئے بہت سے طریقے اور عمل وضع کئے ہیں۔ ہر مذہب نے اس کے لئے علیحدہ طریقہ کار اپنایا ہے۔ دراصل ہمزاد کو تسخیر کرنا اپنے آپ کو تسخیر کرنا ہے۔ بزرگوں کا قول ہے کہ اگر تم دنیا کی طاقتوں کو تسخیر کرنا چاہتے ہو تو سب سے پہلے اپنے آپ یعنی اپنے نفس کو تابع کرو۔ تسخیر ہمزاد روحانی تسخیرات کا پہلا زینہ ہے جو بندہ اسے عبور نہیں کرسکتا اسے چاہئے کہ جنات و موکلات کی تسخیر کا خیال چھوڑ کر کسی اور میدان میں طبع آزمائی کرے ورنہ سوائے پچھتاوے اور وقت کے ضیاع کے کچھ حاصل ہونا بعید از قیاس ہے۔ تسخیر ہمزاد کے جملہ اصول وضوابط کو مدنظر رکھتے ہوئے درج ذیل اعمال میں سے کوئی ایک عمل کریں۔ عمل سے قبل کسی روحانی عامل سے اجازت ضرور لیں۔

تسخیر ہمزاد نمبر 1: نوچندی جمعرات بعد نماز عشاء غسل کریں اور احرام باندھیں۔ علیحدہ مکان جو بالکل خالی ہو اور عمدہ سفیدی کیا ہوا ہو اس میں اگربتی لگائیں اور ایک چراغ میں روغن چنبیلی بھر کر موٹی بتی روئی کی بنا کر جلائیں شمال کی طرف منہ کر کے اس طرح بیٹھیں کہ چراغ آپ کی پشت پر ہو اور آپ کا سایہ شمالی دیوار پر پڑے۔ اول آخر 11-11 بار درود شریف پڑھ کر درمیان میں یہ عزیمت ایک گھنٹہ تک بے تعداد پڑھیں روزانہ وقت مقررہ پر عمل شروع کریں۔ عزیمت پڑھتے وقت نظر اپنے سایہ پر جمائیں۔ اس طرح کے اعمال میں عام طور پر زیادہ خطرہ نہیں ہوتا صرف فریب نظر کی وجہ چند خوفناک شکلیں نظر آتی ہیں لیکن پھر بھی اگر عمل کرنے والا بندہ زیادہ بہادر نہ ہو یا زیادہ ڈر محسوس ہو تو روزانہ قبل از عمل 11 مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے اردگرد حصار کریں۔ اس عمل کا اثر نویں دن شروع ہو جاتا ہے آہستہ آہستہ ہمزاد کی شبیہ نظر آئے گی پھر اس کی شکل اور جسامت واضح ہو جائے گی خود آپ اس سے بات نہ کریں جب وہ پوچھے کہ مجھے کیوں بلایا ہے تو صرف اتنا کہیں کہ آج سے تم میرے تابع ہو جو میں کہوں تمہیں کرنا ہوگا۔ پھر ہمزاد اپنی شرائط پیش کرے گا۔ شرائط نہایت سوچ سمجھ کر طے کریں اس کے بعد روزانہ عبارت عمل کو ایک مرتبہ ورد کریں۔ ہمزاد سے دوبارہ حاضری کا طریقہ اور کام کرنے کا دائرہ کار دریافت کرلیں۔

عبارت عمل: بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا سَمِيْعُ يَا بَصِيْرُ اَللّٰهُمَّ سَخِّرْلِیْ هَمْزَادُ بِحَقِّ سَمْسَائِيْلُ وَ سَخِّرْلِیْ هَمْزَادُ بِحَقِّ فَتْمَائِيْلُ وَ سَخِّرْلِیْ هَمْزَادُ بِحَقِّ لُومَائِيْلُ اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا هٰذَا الْوَقْتِ وَ حُضُرُ مِنَ الْوَقْتِ الْعَاجِبِ بِحَقِّ سُلَيْمَانَ بِنْ دَاؤدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ۔

تسخیر ہمزاد نمبر 2: جس دن نیا چاند دیکھیں اس دن سے یہ عمل شروع کریں۔ پہلے ایسی جگہ کا انتخاب کریں جہاں سے چاند بالکل صاف نظر آئے اور آپ کے عمل کے دوران کوئی مداخلت نہ کر سکے یعنی مکمل تنہائی ہو اس عمل میں کسی قسم کا کوئی جلالی و جمالی پرہیز نہیں ہے۔ ایک شیشے کی بوتل میں ایک پاؤ سرسوں کا تیل بھر کر ڈھکن لگا دیں اب یہ بوتل روزانہ ایک سو ایک مرتبہ پڑھیں عمل پڑھ کر تیل پر پھونک مار دیا کریں اس عمل کی میعاد 21 یوم ہے۔ روزانہ عمل پڑھ کر تیل پر دم کر کے رکھ لیا کریں۔ 21 دن کے اندر اندر ہمزاد حاضر ہوگا کسی قسم کا خوف نہ کریں اور حاضر ہونے پر تیل والی بوتل اسے پیش کریں وہ سارا تیل پی جائے گا۔ تیل پیتے ہی ہمزاد تسخیر ہو جائے گا۔ آپ اس سے حاضری کا طریقہ وغیرہ پوچھ لیں۔ خلاف شروع کوئی کام نہ لیں اگر خلاف شروع کام پر مجبور کریں گے تو ہمزاد دشمن ہو جائے گا اور عامل کو موقع ملتے ہی ہلاک کر ڈالے گا۔ اگر خدانخواستہ 21 دن میں ہمزاد حاضر نہ ہو تو عمل چھوڑ کر صاحب اجازت یا اپنے استاد سے رابطہ کریں۔

عمل یہ ہے:- وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ يَا هَمْزَادُ حَاضِرْ شُوْ اَلْعَجَلْ۔ 101 مرتبہ روزانہ۔

دائمی فارمولے

فسٹ اوپن بند کرنا

کلیہ نمبر1

جو آکڑہ فسٹ لگے اُس کے گھروں کے اعداد آنے والی قرعہ اندازی میں فسٹ نہیں آئیں گے۔

کلیہ نمبر2

قرعہ اندازی میں جو بروکر نمبر فسٹ میں کھلے گا۔ اُس کا آخری فگر اگلی قرعہ اندازی میں فسٹ اوپن کے طور پر نہیں آئیگا۔

کلیہ نمبر3

فسٹ میں جو نمبر کھلے اُس کا مجموعہ کرلیں۔ جو ہندسے حاصل ہوں گے اگلی قرعہ اندازی میں فسٹ اوپن کے طور پر نہیں آئیں گے۔

ٹنڈولہ بند

دوستو فسٹ ٹنڈولے بند کرنے کا فارمولہ تحریر کر رہا ہوں۔ دوسرے کلیوں کی طرح یہ بھی کافی کامیاب ہے۔ اِس فارمولے کا طریقہ اس طرح ہے کہ فسٹ ہندسہ جو آیا ہو آپ اُس گھر اور بقایا لے لیں۔ اِن کو اُلٹ پلٹ کرکے ٹنڈولے نمبرز حاصل کریں یہ اگلی قرعہ اندازی میں فسٹ کیلئے بند تصور کئے جائیں گے۔

فسٹ پنگھوڑے بند

یہ جو کلیہ بتا رہا ہوں اس کلیے کی مدد سے میں فسٹ پنگھوڑے بند کرکے اپنے گیس پیپر میں لکھتا ہوں یہ فارمولا 100 فیصد نہیں تو 98 فیصد ضرور کامیاب ہے۔ آزمائیں گے تو پتہ چلے گا۔ فسٹ پنگھوڑا بند کرنے کا طریقہ یہ ہے۔ فسٹ آکڑے میں 5932 جمع کردیں۔ حاصل جمع کو اُلٹ پلٹ کرکے پنگھوڑے بنائیں اگلی ڈرا میں فسٹ کیلئے بند ہوں گے۔

فسٹ آکڑہ معلوم کرنا

یہ فارمولا جو میں پیش کر رہا ہوں۔ اِس کلیے سے آپ فسٹ آکڑہ معلوم کرلیں گے۔ کافی دوستوں کو اِس فارمولے سے فائدہ حاصل ہوا ہے۔ فسٹ آکڑہ جاننے کا طریقہ کچھ اِس طرح ہے کہ فسٹ ہندسہ پہلے حاصل کریں پھر اِس کا گھر اور بقایا لیں۔ اب اِن تینوں ہندسوں کو جمع کرکے چوتھا ہندسہ حاصل کرلیں۔ پھر ان کو اُلٹ پلٹ کرکے 12 آکڑے بنالیں۔ اِن میں فسٹ آکڑہ موجود ہوگا۔

فسٹ اوپن بند

اِس سال یہ کلیہ کامیاب رہا ہے۔ انشاء اللہ آگے بھی ضرور چلے گا۔ فسٹ ہندسہ بند کرنے کا طریقہ کچھ اِس طرح ہے کہ قرعہ اندازی کی تاریخ، ماہ و سن لیں اور پھر پرائز بانڈ قیمت جمع کردیں۔ اِن کا مفرد حاصل کرکے گھر اور بقایا لیں۔ یہ تین ہندسہ فسٹ میں بند ہوں گے۔

فارمولا نمبر1

قارئین کی خدمت میں اب فسٹ ہندسہ معلوم کرنے کا طریقہ لکھا جاتا ہے۔ یعنی پچھلے فسٹ کا آکڑہ اور اِس کے بعد جو فسٹ آکڑہ لگے۔ اِن کو آپس میں جمع کردیں 2 یا 3 ہندسے حاصل ہوں گے۔ اِس میں ایک ہندسہ فسٹ آئے گا۔

فارمولا نمبر2

دوستو! اِس کلیے میں بھی فسٹ ہندسہ نکالا جاتا ہے۔ اُمید کرتا ہوں پسند فرمائیں گے۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ فسٹ آکڑے کی بقایا لیں۔ آپ کے پاس چار ہندسے حاصل ہوں گے۔ اِن میں اگلی قرعہ اندازی کا ہندسہ ہوگا۔

آکڑہ بند کرنا

اِس کا طریقہ یہ ہے کہ فسٹ آکڑے میں 536 جمع کردیں۔ جمع سے جو حاصل ہوں گے۔ اِن کے ہندسے بنالیں یعنی آکڑہ نمبر بنالیں۔ یہ اگلی قرعہ اندازی میں بند ہوں گے۔

اکتوبر 2018ء کیلئے پرائز بانڈز خریدنے کی تواریخ بمعہ اوقات

9	8
6	2

تاریخ: 01-10-2018
دن: پیر
شہر: پشاور
مالیت بانڈ: -/15000

9	5
8	6

تاریخ: 15-10-2018
دن: پیر
شہر: لاہور
مالیت بانڈ: -/750

اکتوبر 2018ء کے لئے پرائز بانڈز خریدنے کی تواریخ بمعہ اوقات

نمبر شمار	تاریخ	نیک وقتِ خریداری
1	12 اکتوبر	11 بجکر 05 منٹ سے لے کر 12 بجکر 00 منٹ تک
2	15 اکتوبر	09 بجکر 10 منٹ سے لے کر 10 بجکر 15 منٹ تک
3	24 اکتوبر	10 بجکر 15 منٹ سے لے کر 11 بجکر 00 منٹ تک
4	25 اکتوبر	10 بجکر 10 منٹ سے لے کر 11 بجکر 05 منٹ تک
5	30 اکتوبر	13 بجکر 15 منٹ سے لے کر 14 بجکر 10 منٹ تک

نوٹ: یہ اوقات پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق دیے جا رہے ہیں۔

	0	1	2	3	4	5	6	7	8	9	[illegible]	
0			02		04	05	06				042	065
1			12	13			16		18		123	186
2	20	21						27			210	270
3				33		35				39	353	395
4		41	42		44				48		421	484
5	50			53			56			59	530	569
6			62		64			67		69	624	672
7	70					75			78		750	780
8		81		83			86			89	831	869
9			92		94			97	98		924	987

تاریخ: 01-10-2018
دن: پیر
شہر: پشاور
مالیت بانڈ: -/15000

46	84	38	35
49	42	36	93

تاریخ: 15-10-2018
دن: پیر
شہر: لاہور
مالیت بانڈ: -/750

69	68	98	58
62	29	69	68

9, 6, (4), 8, 2

9, 8, (3), 5, 6

اندھا قانون

ازتحریر: ارشد صدیقی، میاں چنوں

تاریخ: 01-10-2018	تاریخ: 15-10-2018
دن: پیر	دن: پیر
شہر: پشاور	شہر: لاہور
مالیت بانڈ: -/15000	مالیت بانڈ: -/750

950217

91	51
27	09

247185

85	51
24	71

اکتوبر کے انعام آپکے نام

ازتحریر: ایم عادل، ترہیلا ڈیم

3789-3791

378, 379, 795, 738, 739, 995	7 8 / (4) / 3 5	37, 48, 79, 73, 99

7389-7391

3289-3475

328, 347, 348, 437, 695, 375	3 4 / (8) / 7 9	32, 34, 37, 43, 39

3765-3756

مقدر کا سکندر

ازتحریر: اقبال غنی
ہری پور ہزارہ

F		S
10, 40, 70, 90	2 8 / (3) / 0 6	66, 27, 97

اوپن	4-7-9-1
فسٹ	108-403-704-903
سیکنڈ	662-279-977-791
سیکنڈ	437-656-051-328

F		S
24, 34, 44, 74	5 9 / (6) / 0 3	36, 59, 08

اوپن	2-7-3-4
فسٹ	247-348-447-741
سیکنڈ	363-590-082-141
سیکنڈ	527-662-757-803

انعام کی نمبرز آئینہ قسمت میں

پشاور	مالیت بانڈ: -/15000	تاریخ: 01-10-2018

81	69		30	16	08	(بونس) 2964

لاہور	مالیت بانڈ: -/750	تاریخ: 15-10-2018

93	70		43	28	14	(بونس) 6932

گولڈن انعام لکی نمبرز

پشاور تاریخ: 01-10-2018	028/419 =129
مالیت بانڈ: -/15000	620/319 =216
لاہور تاریخ: 15-10-2018	012/639 =390
مالیت بانڈ: -/750	926/428 =298

ہماری دعا ہے کہ آپ ان لکی نمبرز سے فیض یاب ہوں۔ کسی نقصان سے بچنے کے لیے پرچی نمبر کی بجائے پرائز بانڈز کی خرید پر توجہ دیں۔
ماہرین علم الاعداد کی تمام تر دیانت آپ کے لیے وقف ہے۔ (ادارہ)

آپکا ماہِ اکتوبر 2018ء کیسا رہے گا؟

astrology October

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفِظْنِیْ مِنَ النَّحُوْسَتُ الشَّمْسُ وَالْقَمَر وَالْمُشْتَری وَالزُّحَل وَالزُّھرہ وَالْعَطَارِد وَالْمَرِیْخ وَالرَّاس وَالذَّنب بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۝ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں۔ بچوں کیلئے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف 9 بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپکے قریب نہ آئیگی۔ میری طرف سے آپکو اس عمل کی عام اجازت ہے۔ **دعا گو عامل شاہ زنجانی**

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کر سکتے ہیں۔ ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروف ابجد سے۔ پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال ان پر کیسا بیٹھتا ہے۔

پہلا طریقہ آپکے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے۔ ذیل میں دیئے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کریں پھر اسی برج کے تحت نیک و بد حالات ملاحظہ فرمائیں۔ ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کوپن لے کر نگینہ پہنیں۔

دوسرا طریقہ اگر خدانخواستہ نام برج سے آپ کے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنے نام کا برج معلوم کریں۔ اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروف ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کریں۔ اگر باقی 1 بچے تو برج حمل ہے۔ اگر 2 باقی بچے تو ثور۔ 3 بچے تو جوزا۔ 4 بچے تو سرطان۔ 5 بچے اسد 6 بچے تو سنبلہ۔ 7 بچے تو میزان۔ 8 بچے تو عقرب۔ 9 بچے تو قوس۔ 10 بچے تو جدی۔ 11 بچے تو دلو اور اگر 0 باقی بچے تو برج حوت ہوگا۔

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظرانداز کر دیں۔

حروف ابجد قمری

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ		
300	400	500	600	700	800	900	1000		

ARIES

حمل

21 Marc – 20 April

ستارہ: مریخ
حروف: ال ع
دن: منگل
عدد: 9
رنگ: سرخ یا قرمزی
پتھر: یاقوت، مرجان، سرخ عقیق، ہیرا

Element: Fire
RulingPlanet: Mars
Symbol: The Ram
YourStone: Ruby
LifePursuit: The thrill of the moment.
SecretDesire: To lead the way for others.

آپکا حاکم ستارہ مریخ تمام ماہ گیارہویں رہتے ہوئے حلقہ احباب میں وسعت جبکہ دیرینہ خواہشات کی تکمیل بھی ممکن ہے۔ آٹھویں مشتری ہمراہ زہرہ وراثتی، انشورنس کلیم کے اُمور میں آسانیاں لائینگے اور مشترکہ کاموں میں مالی فوائد کا حصول ممکنات میں سے رہے۔ 12,11 اکتوبر مریخ زہرہ تربیع سے جنس مخالف کے دام فریب میں نہ آئیں اور بغیر مشاورت تعلقات وفیصلوں سے گریز کریں۔ 20,19 اکتوبر مریخ عطارد تربیع سے جذباتی اور جلد بازی کے فیصلوں سے گریز، بحث وتکرار سے غلط فہمیوں کے سوا کچھ حاصل نہ ہوسکے۔ صدقات دیں اور محتاط رہیں۔

پہلا ہفتہ: یکم کو کسی اجتماعی پروگرام مثلاً شادی بیاہ کے پروگرام میں شرکت کا امکان ہے۔ 2 کو آپکی عزت وشہرت میں اضافہ ہوگا۔ 3 کو ملازمت پیشہ افراد فرائض منصبی احسن طریقے سے ادا کرسکیں گے۔ 4 کو دفتر کی کسی تنظیم کی جانب سے بعض لوگوں کو ایوارڈ وغیرہ ملنے کی توقع ہے۔ 5 کو کاروباری ساکھ میں اضافہ ہوگا۔ 6 کو حالات بہتری کی طرف گامزن ہوں گے۔ 7 کو شراکت داری کرنا نیک رہے گا۔

دوسرا ہفتہ: 8 کو آپکی دیرینہ خواہشات کی تکمیل کا پورا امکان ہے۔ 9 کو آپکے بعض خواب حقیقت کا روپ دھالیں گے۔ 10 کو ادھورے کاموں کی تکمیل ہوسکے گی۔ 11 کو کسی بچھڑے ہوئے ساتھی یا دوست سے ملاقات کا امکان ہے۔ 12 کو جنس مخالف کی طرف رغبت بڑھے گی۔ 13 کو دوسروں سے وابستہ امیدیں پوری ہوسکیں گی۔ 14 کو حکام بالا کا تعاون حاصل ہوگا۔

تیسرا ہفتہ: 15 کو بعض غیر شادی شدہ افراد کیلئے یہ بات خوش آئند ہے۔ 16 کو کاروبار میں خیر وبرکت رہے گی۔ 17 کو آمدنی میں اضافہ کی صورت پیدا ہوگی۔ 18 کو کاروباری سکیموں کو بروئے کار لا کر غیر متوقع فوائد حاصل کرسکتے ہیں۔ 19 کو نیا کاروبار کرنا مفید ثابت ہوگا، البتہ شراکتی امور کے پروگراموں میں حصہ لینے سے گریز کریں۔ 20 کو اپنی صحت جسمانی کا خاص خیال رکھیں۔ 21 کو زیادہ نقل و حرکت اور غذا کے استعمال میں احتیاط کریں۔

چوتھا ہفتہ: 22 کو ثقافتی اور ادبی محفلوں میں حصہ لیا جاسکے گا۔ 23 کو حصول سائنسی تعلیم کا شوق پیدا ہوگا۔ 24 کو تحقیق وتجسس کا مادہ اُبھرے گا۔ 25 کو گھریلو سکون قائم رکھنے کیلئے زیادہ وقت الخانہ کو دیں۔ 26 کو شریک حیات سے تعلقات کشیدہ ہونے کا امکان ہے۔ 27 کو گھریلو امور کو سلجھانے کیلئے جذبات پر کنٹرول رکھیں۔ 28 کو خانگی امور میں بزرگوں کا تعاون حاصل رہے گا۔ 29 کو سیر و تفریح کا پروگرام بن سکے گا۔ 30 کو شراکتی کاروباری معاہدے کرنا مفید ثابت ہوگا۔

سعد تواریخ: 28,23,18,13 اکتوبر **نحس تواریخ:** 26,19,11,8 اکتوبر

TAURUS

ثور

21 April – 21 May

ستارہ: زہرہ
حروف: ب۔و
دن: جمعہ
عدد: 6
رنگ: ہلکا نیلا یا سبز
پتھر: اوپل، سبز پکھراج

Element: Earth
RulingPlanet: Venus
Symbol: The Bull
YourStone: Emerald
LifePursuit: Emotional and financial security.
SecretDesire: To have a secure, happy and wealthy life/ marriage.

آپکا حاکم ستارہ زہرہ تمام ماہ ساتویں رہتے ہوئے 6 اکتوبر سے راجع ہو تو تمام ماہ مشترکہ مفادات کے کاموں میں خاص احتیاط کی ضرورت رہے جبکہ شریکِ حیات کا تعاون لیکن اہم فیصلوں میں مشاورت ضرور کریں۔ 12,11 اکتوبر زہرہ مریخ تربیع سے جذباتی فیصلے۔ معاملات میں صبر وتحمل کی ضرورت رہے۔ 17,16 اکتوبر مریخ عطارد قران سے حالات میں عہد وپیمان کی فضاء قائم ہو۔ ایسا کوئی عہد نہ کریں جسے آپ پورا نہ کرسکیں۔ 25,24 اکتوبر زہرہ زحل تسدیس سے مثبت ومستحکم فیصلے، اہم کاروباری اُمور طے کرسکیں۔ قرض شناسی وایمانداری سے عزت بڑھے۔ 27,26 اکتوبر زہرہ شمس قران سے مثبت سوچ، مثبت جذبات، تخلیقی صلاحیت نکھریں، دوسروں سے ملکر کام کرنے کی کوشش، 31,30 اکتوبر زہرہ یورانس مقابلہ کے باعث غیر مستقل مزاجی سے کاموں میں تاخیر اور طبیعت میں بے چینی، صدقات ضرور دیں۔

پہلا ہفتہ: یکم کو مستقبل کے متعلق منصوبہ بندی کرسکیں گے۔ 2 کو کوئی بھی نیا پراجیکٹ شروع کرتے وقت منصوبوں پر عملدر آمد سے پہلے ان پر نظر ثانی کرلیں۔ 3 کو خدمت خلق کا موقع ملے گا۔ 4 کو دوسروں کے مسائل سمجھنے اور انہیں سلجھانے کی کوشش کریں گے۔ 5 کو معلومات میں اضافہ ہو گا، ذہنی صلاحیتیں بھی اُجاگر ہوں گی۔ 6 کو اپنی صحت جسمانی کا خاص خیال رکھیں۔ 7 کو ترقی کی کوششیں کامیاب ہوں گی۔

دوسرا ہفتہ: 8 کو نئی سرمایہ کاری کے مواقع ملیں گے۔ 9 کو کوئی نیا کام خود کرنا یا کسی عزیز کی شراکت سے کرنا منفعت بخش رہیگا۔ 10 کو کام کی دیکھ بھال اور حساب کتاب اپنی نظر میں رکھ سکیں گے۔ 11 کو فضول خرچی سے گریز کریں، حالات کے بگڑنے کا اندیشہ ہے۔ 12 کو بعض رکے ہوئے کام پایۂ تکمیل کو پہنچ سکیں گے۔ 13 کو دوست احباب کا تعاون شامل حال رہے گا۔ 14 کو رومانس کے لیے حالات سازگار رہیں گے۔

تیسرا ہفتہ: 15 کو کاروباری مقاصد کے تحت کیا جانے والا سفر وسیلۂ ظفر ثابت ہوگا۔ 16 کو ملازمت پیشہ حضرات فرائض منصبی کی بجا آوری میں غفلت ولاپرواہی نہ برتیں۔ 17 کو مخالفین پر غلبہ حاصل ہوگا۔ 18 کو سماجی وادبی حلقوں میں عزت وشہرت بڑھے گی۔ 19 کو مختلف پریشانیوں کا خاتمہ ہوسکے گا۔ 20 کو تجدید مراسم ہوسکیں گے۔ 21 کو گھر کے سکون وآرام کے لیے شریک حیات سے تعاون ضروری ہے۔

چوتھا ہفتہ: 22 کو کوئی اہم خوشخبری ملے گی۔ 23 کو رومانس کرنے کا موقع ملے گا۔ 24 کو اندرون خانہ حالات بہتر رہیں گے۔ 25 کو دوسروں کو اپنے گھریلو حالات میں مداخلت کا موقع نہ دیں۔ 26 کو اہم فیصلے بہتر انداز میں کرسکیں گے۔ 27 کو مقاصد کے حصول کیلئے شراکتی کاموں پر توجہ مرکوز رہے گی۔ 28 کو محبت میں کامیابی، عزیز واقارب کے تعاون سے معاملات میں بہتری آسکے گی۔ 29 کو طبیعت ایڈونچر پسند اور مقاصد کے حصول کے لیے رسک لے سکیں گے۔ 30 کو دوست احباب کے ساتھ لمبے سفر کا پروگرام بن سکے گا۔

سعد تواریخ: 24,20,16,15,6,2 اکتوبر **نحس تواریخ:** 31,18,11 اکتوبر

Gemini

22May
21June

ستارہ: عطارد
حروف: ق ک
دن: بدھ
عدد: 5
رنگ: پیلا یا ملے جلے
پتھر: عقیق سبز، زمرد، فیروزہ

Element: Air

RulingPlanet: Mercury

Symbol: The Twins

YourStone: Aquamarine

LifePursuit: To Explore a little bit of everything.

SecretDesire: To be ahead of the crowd.

آپکا حاکم ستارہ عطارد یکم تا10 اکتوبر پانچویں ہمراہ شمس رہتے ہوئے محبت کے اُمور حساس اور خاص توجہ کے حامل رہیں۔ اولاد کے روز و شب پر نگاہ رکھیں۔ 11 تا31 اکتوبر عطارد چھٹے رہتے ہوئے صحتِ جسمانی میں بہتری لیکن بغیر مشاورت فیصلوں سے گریز کریں۔ 4,3 اکتوبر عطارد پلوٹو تربیع کے باعث بحث وتکرار کا اندیشہ، ذہن پریشان، احتیاط برتیں، 11,10 اکتوبر عطارد یورانس مقابلہ کے باعث بات چیت کا سلسلہ اثر انداز ہونے کا خدشہ، مشاورت ضرور کریں۔ 13,12 اکتوبر عطارد زحل تسدیس سے مسائل کا حل سنجیدگی سے نکل سکے۔ 17,16 اکتوبر عطارد زہرہ قران سے غلط فہمیوں کا ازالہ نیپچون تثلیث اور تب ہی عطارد مریخ تربیع کے باعث ملے جلے حالات کا سامنا رہے۔ وسعتِ نظری کا استعمال کرتے ہوئے مسائل کو حل کرنے کی ضرورت۔ دوسروں پر انحصار نہ کریں۔ 24,23 اکتوبر عطارد پلوٹو تسدیس سے نفسیاتی مسائل کا حل ہل سکے۔ 30,29 اکتوبر عطارد مشتری قران کے باعث حالات کی مکمل تصویر کشی کرتے ہوئے مثبت اقدامات و فیصلے کر سکیں۔ شعبہ تعلیم میں دلچسپی بڑھے۔

پہلا ہفتہ: یکم کو آپکی خواہشات کی تکمیل ہو سکے گی۔ 2 کو آپکی عزت و شہرت میں اضافہ ہوگا۔ 3 کو بعض ملازمت پیشہ افراد کے عہدہ میں ترقی ہوگی اور کسی ایوارڈ سے نوازے جانے کا امکان ہے۔ 4 کو حاکم بالا کی آپ پر خاص عنایت ہوگی۔ 5 کو آپکی تخلیقی صلاحیتوں اور خود اعتمادی میں اضافہ ہوگا۔ 6 کو دوسروں کو مختلف معاملات میں کنٹرول کر سکیں گے۔ 7 کو اجتماعی محفلوں میں شرکت کے مواقع ملیں گے۔

